Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 2 مارچ 2026ء، 12 رمضان المبارک 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 317

آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر اظہار افسوس: عظمیٰ بخاری

پاکستان نے ہر سفارتی فورم پر ایران کے خلاف جارحیت کی مذمت کی ہے، عوام احتجاج پر امن رکھیں، قومی اتحاد ہی پاکستان کی اصل طاقت ہے، دکھ کی اس گھڑی میں پاکستان، ایرانی عوام کے ساتھ کھڑا ہے

اس نازک صورتحال میں پاکستان کی مذہبی و سیاسی جماعتوں اور عوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ عقل اور بردباری کا مظاہرہ کریں، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری

ناروال: وزیر اعلیٰ کی معاون خصوصی یحییٰ بٹ رمضان بازار میں آٹے کے سٹال کا معائنہ کر رہی ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے ایران پر حالیہ حملے اور آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ صرف ایران بلکہ پورے خطے کے امن و استحکام کے لیے ٹیشو بلنگ ہے۔ عظمیٰ بخاری نے اپنے ایران میں پھنسے ہوئے طلبہ کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی اور کہا کہ اس گھڑی میں پاکستان، ایرانی عوام کے ساتھ کھڑا (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ، ہر قسم کے اجتماع پر پابندی عائد

احتجاج، مظاہرے یا اجتماع کی صورت میں سخت قانونی کارروائی کی جائے گی

مظاہرے یا اجتماع کی صورت میں سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، ضلعی انتظامیہ

اسلام آباد (این این آئی) امریکی و اسرائیلی حملے میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت کے خلاف احتجاج کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ وفاقی (بقیہ نمبر 9)

الیکٹرک فیسکلر چارجز جنگ سٹیشنز کو بجلی کنکشن دینے کا فیصلہ

وفاقی حکومت نے لیسکو سمیت تمام کمپنیوں کو ایک روز میں ڈیمانڈ نوٹس جاری کرنے کے احکامات دے دیئے گئے

لاہور (این ایی ایم) وفاقی حکومت نے الیکٹرک و بجلی چارجز سٹیشنز کو بجلی کنکشن دینے کے لئے بڑا فیصلہ کر لیا، لیسکو سمیت تمام کمپنیوں کو ایک روز میں ڈیمانڈ نوٹس جاری کرنے کے احکامات دے دیئے گئے۔ منظوری (بقیہ نمبر 1)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس آج کو، گوگا صد مملکت خطاب کرینگے

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے موقع پر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سیکیورٹی کے سخت انتظامات، غیر متعلقہ افراد کا داخلہ ممنوع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوگا۔ مجلس شوریٰ پارلیمنٹ کے اجلاس (آج) مورخہ 2 مارچ 2026ء بروز پیر صبح ساڑھے دس بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوگا۔ مجلس شوریٰ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت آصف (بقیہ نمبر 2)

پنجاب کے فنکاروں کیلئے خصوصی فنڈ سے مالی معاونت کا آغاز

بنیفیشری ادائیگی بینک آف پنجاب کے ذریعے ہوگی، پروگرام کے لیے سال کے آغاز میں درخواستیں طلب کی گئیں

لاہور (این ای این) پنجاب حکومت نے سخت فنکاروں کے لیے تحفظ فراہم کرنے کا بڑا اقدام کیا ہے۔ یہ پروگرام پنجاب آرٹس خدمت کارڈ کے ذریعے فنکاروں کو مالی ایک 50 کروڑ روپے کا خصوصی فنڈ قائم کر کے فنکاروں کو (بقیہ نمبر 10)

ایران میں چالیس روزہ سوگ اور سات روز کیلئے چھٹی کا بھی اعلان کر دیا

اسرائیل اور امریکا کا مشترکہ حملہ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای شہید

ایران کے شہر مشہد میں حرم امام رضا کے گنبد پر سیاہ پرچم لہرا دیا گیا، آیت اللہ علی خامنہ ای کے انتقال کے مواقع پر لہرایا جاتا ہے، آیت اللہ علی خامنہ ای کے انتقال پر مشہد میں سوگ کی فضاء ہے

بریگیڈیئر جنرل احمد وحیدی نے پاسداران انقلاب کی کمان سنبھال لی۔ بریگیڈیئر جنرل احمد وحیدی کو سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کا نیا کمانڈر ان چیف مقرر کر دیا گیا

اسلام آباد (این ای ایم) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کے وقت ایرانی سپریم لیڈر اپنے دفتر میں موجود تھے جہاں اسرائیل نے میزائل برسائے۔ ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت کے بعد ایران میں سات روز کے لیے چھٹی اور چالیس روز سوگ کا اعلان کر دیا گیا جبکہ عراق میں مقتدیٰ رضوی پر انقلاب کی علامت سرخ لائٹس روشن کر دی گئی شہید ہو گئے جس کی ایرانی حکومت نے تصدیق کر دی۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق شہادت سرکردہ ایرانی فوجی اور سیکیورٹی حکام کی بھی شہادت کے بعد ایران کے شہر مشہد میں حرم امام رضا کے گنبد پر سیاہ پرچم (بقیہ نمبر 9)

لاہور: وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا شہری دفاع کے عالمی دن پر پیغام

سول ڈیفنس ٹریننگ شہریوں کو رضا کارانہ طور پر قدرتی آفات کی صورت میں اپنی مدد آپ کے قابل بنانا ہے

شہریوں کو زلزلے، سیلاب اور دیگر آفات سے بچانا اور محفوظ معاشرہ سول ڈیفنس کا بنیادی مقصد ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این ای ایم) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شہری دفاع کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ سول ڈیفنس ٹریننگ شہریوں کو رضا کارانہ طور پر قدرتی آفات کی صورت میں اپنی مدد آپ کے قابل بنانا ہے۔ شہری دفاع کا مقصد ناگہانی آفات کی صورت میں مثالی اقدامات بھی ہے۔ سول ڈیفنس تنظیم عوام کی معاونت کے لئے ہر وقت کوشاں رہتی ہے۔ شہریوں کو زلزلے، (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شہید کی ترقی کیلئے برسرپیکار

وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ پنجاب خراج تحسین کے حقدار ہیں، زیب النساء

اسلام آباد (این ایم آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینیٹر رضا بر کن صوبائی اسمبلی ذیب النساء نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت (بقیہ نمبر 2 5)

ناروال: پاک فوج کے شہید سپوت عمران نذیر کا جسد خاکی تدفین کے لیے لایا جا رہا ہے

ڈھڈیال میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، دو زخمی گرفتار

چکوال (این این آئی) میاں مائر کے قریب ڈھڈیال پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 4)

مارگلہ کی پہاڑیوں میں آگ پر ریسکیو ٹیمز نے قابو پا لیا گیا

کارروائیوں میں انوائرنمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے 34 فائیر فائٹرز نے حصہ لیا

اسلام آباد (این ایم آئی) مارگلہ پہاڑیوں میں آگ بھڑکنے کے واقعے پر ریسکیو ٹیمز نے پوری رات کارروائیاں کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق آگ مارگلہ کی پہاڑیوں پر اسلام آباد اور پنجاب کی حدود میں لگی تھی جس پر (بقیہ نمبر 3)

تحصیل اور پولیس کنٹرول مجسٹریٹ گرانفروشی کے خلاف کارروائیاں

فتح جنگ: چوہدری شفقت محمود کی

متعدد بیکریز، بڑی فروٹ شاپس اور قصاب کی دکانوں کو خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد، اہل علاقہ کی جانب سے چوہدری شفقت محمود زندہ باد کے نعرے

رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں زائد قیمتوں کی دھوکا دہی غیر معیاری اشیاء کی فروخت کی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

فتح جنگ (مادل شہزاد) تحصیلدار و پراس کنٹرول مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے ہفتہ کے روز فتح جا کیبر حیدر چوک اور گروڈاخ کے بازاروں کے اچانک دورے کیے جہاں انہوں نے چیکنگ کے دوران متعدد بیکریز، بڑی فروٹ اور قصاب کی دکانوں کو چیک کیا گیا چیکنگ کے دوران زائد قیمتوں کی وصولی غیر معیاری و مضر صحت اشیاء کی فروخت اور سرکاری ریٹ لسٹ کی عدم (بقیہ نمبر 2)

ڈھڈیال میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، دو زخمی گرفتار

چکوال (این این آئی) میاں مائر کے قریب ڈھڈیال پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈھڈیال پولیس ڈیکتی کے مقدمہ میں مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈ کر رہی تھی کہ ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر سیدھی (بقیہ نمبر 1 5)

تحصیلدار و پراس کنٹرول مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود اشیاء خوردونوش کی قیمتیں چیک کر رہے ہیں

کمشنر سرگودھا کی زیر صدارت امن و اتحاد اجلاس

اجلاس میں مختلف مکاتب فکر کے جید علماء کرام، ڈویژنل امن کمیٹی کے اراکین، تاجر نمائندگان اور انتظامی افسران نے شرکت کی

موجودہ حالات میں سب سے اہم چیز اتحاد اور باہمی ہم آہنگی ہے، کمشنر سرگودھا حافظ شوکت علی

سرگودھا (طارق قاسمی سے) موجودہ علاقائی و عالمی صورتحال کے تناظر میں کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف مکاتب فکر کے جید علماء کرام، ڈویژنل امن کمیٹی کے اراکین، تاجر نمائندگان اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودھا حسین احمد چوہدری، اے ڈی سی جی اور پولیس افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر حافظ شوکت علی نے کہا کہ موجودہ حالات میں سب سے اہم چیز اتحاد اور باہمی ہم آہنگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے باعث (بقیہ نمبر 6)

سرگودھا۔ کمشنر حافظ شوکت علی ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری، جید علماء کرام اور تاجر نمائندے شریک ہیں

3 ملزمان گرفتار، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جمال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، مذکورہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 01 پسٹل (بقیہ نمبر 2 0)

پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا

ایمرجنسی، وارڈز، آپریشن تھیٹر، فارمیسیز کے ڈیوٹی روسٹر فوری نافذ کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا۔ جس کے تحت ایمرجنسی، وارڈز، آپریشن تھیٹر اور فارمیسی کے ڈیوٹی روسٹر (بقیہ نمبر 2 6)

سکیورٹی کے حوالے سے کوئی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے داخلی و خارجی راستوں کی سخت مانیٹرنگ کیلئے پولیس ناکا جات کے ذریعے یقینی بنایا جا رہا ہے

وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے دارالحکومت اسلام آباد میں مختلف مقامات پر قائم ناکوں کا دورہ کیا

اسلام آباد (این ای ایم) وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے دارالحکومت اسلام آباد میں مختلف مقامات پر قائم ناکوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے)، چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی نادر ھادا، انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی آگے ہمراہ تھے۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد (بقیہ نمبر 3)

ایران میں موجود کوئی پاکستانی متاثر نہیں ہوا، سب خیریت سے ہیں، پاکستانی سفیر

تہران (این این آئی) ایران میں تعینات پاکستانی سفیر مدثر ٹیپو نے کہا ہے کہ ایران میں موجود کوئی پاکستانی متاثر نہیں ہوا، سب خیریت سے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران میں موجود پاکستانیوں سے رابطے میں ہوں۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 16)

بلال اظہر کیانی کا آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر دلی رنج کا اظہار

اسلام آباد (این ایم آئی) وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ایران کے لیے، پاکستان کے لیے اور امت مسلمہ کے لیے سوگوار دن ہے۔ آیت اللہ علی خامنائی کی شہادت پر ہر پاکستانی کو (بقیہ نمبر 17)

ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت ایک بڑا اور قابل مذمت سانحہ ہوگی سنگھ

دنیا امریکہ اور اسرائیل کا سفاک چہرہ دیکھ چکی اور سلامتی کونسل کی خاموشی بھی مجرمانہ اور قابل ترس ہے

آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت ایک دکھ دہ امر ہے اور انہیں ہمیشہ بہادر لیڈر کے طور پر یاد رکھا جائے گا، سردار ہوی سنگھ

اسلام آباد (رضوان چوہان سے) نمبران صوبائی اقلیتی ایڈوائزری کمیٹی خیبر پختونخوا سردار ہوی سنگھ نے ایران پر اسرائیل اور امریکہ کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل کا سفاک چہرہ دیکھ چکی اور سلامتی کونسل کی خاموشی بھی مجرمانہ اور قابل ترس ہے۔ سردار ہوی سنگھ کا مزید کہنا تھا کہ آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت ایک دکھ دہ امر ہے اور انہیں ہمیشہ بہادر لیڈر کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور دنیا کا کوئی ملک کسی غلط فہمی میں نہ رہے۔ یاد رہے پاکستان کی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی ہمت اور مکمل طاقت رکھتا ہے۔

پولیس لائنز میں جوانوں کیلئے خصوصی افطار کا اہتمام

رمضان میں بھی فرائض کی ادائیگی میں کوئی کوتاہی نہیں ہوگی، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این ایم آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ماہ رمضان کے دوران (بقیہ نمبر 2 1)

راولپنڈی' موجودہ صورتحال کے پیش نظر سکیورٹی ہائی الرٹ

چیئرمین جوائنٹ ویجیلنس پکٹس و دیگر مقامات پر سنیپ چیکنگ، سگریٹنگ جاری

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق موجودہ صورتحال کے پیش نظر سکیورٹی ہائی الرٹ ہے، راولپنڈی پولیس کی جانب (بقیہ نمبر 2 2)

لاہور: صوبائی وزیر چیئرمین کابینہ کمیٹی امن و امان خواجہ سلمان رفیق سول ڈیفنس کے عالمی دن کے موقع پر جدید سرمیلس سامان کا جائزہ لے رہے ہیں

ریڑھی بانوں سے بھتہ وصول کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) انجمن پولیس نے ریڑھی بانوں سے بھتہ وصول کرنے والا شخص گرفتار کر کے وصول کی گئی بھتہ کی رقم 3 ہزار روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق انجمن پولیس نے ایڈوڈی تھانے سے بتایا کہ آج سے ہونے والے نقصانات (بقیہ نمبر 2 7)

پی ایڈ ڈی کی پہلی عمارت میں آتشزدگی، دو گھنٹوں بد قابو پا لیا گیا

آگ پہلی منزل پر ویلڈنگ کے دوران لگی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا' سینئر وزیر

لاہور (این این آئی) سول سیکرٹریٹ کے قریب واقع بلاک ایڈ ڈیپارٹمنٹ کی عمارت میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے دو گھنٹے کی مسلسل کوششوں سے آگ پر قابو پا لیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق آگ لگنے کی ابتدائی وجہ شارٹ سرکٹ بتائی جا رہی ہے۔ پی ایڈ ڈی تھانے نے بتایا کہ آگ سے ہونے والے نقصانات (بقیہ نمبر 2 7)

افغانستان کے سوشل میڈیا پر جھوٹی اور من گھڑت خبر پھیلائی جا رہی ہے

خلاف کارروائیاں موجودہ صورتحال کے پیش نظر صرف عارضی طور پر پی ایف اور ڈرون کی فوٹیج میڈیا کے ساتھ شیئر کرنے سے روکی گئی ہیں

کارروائیاں بدستور جاری ہیں، دشمن کو عناصر کے خلاف آپریشن پوری شدت اور حکمت کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، طارق فضل چودھری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر بارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر جھوٹی اور من گھڑت خبر پھیلائی جا رہی ہے کہ پاکستان نے افغانستان کے خلاف اپنی کارروائیاں روک دی ہیں لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ انوار کو سای رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنی ایک پوسٹ میں وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے پیش نظر صرف عارضی طور پر پی ایف اور ڈرون کی فوٹیج میڈیا کے (بقیہ نمبر 8)

لاہور: مسیحی برادری کے افراد بیگل چوک چرچ میں مذہبی عبادت کے لئے آ رہے ہیں

اسلام نے فلاح انسانیت اور حقوق العباد کو بہت اہمیت دی ہے

غیر سرکاری تنظیمیں معاشرے میں امن محبت اور ترقی کا پیغام پھیلا رہی ہیں، ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن نعیم ملک

بینیفیٹر سوشل ویلفیئر سوسائٹی اور یونیورسٹی آف سرگودھا حیاتیاتی ایجنڈ کرمنالوجی ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن نعیم ملک نے کہا ہے کہ اسلام نے فلاح انسانیت اور حقوق العباد کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے جبکہ رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری زندگی رفاہ عامہ کا بہترین نمونہ تھی۔ وہ غیر سرکاری تنظیموں کے عالمی دن کے موقع پر بینیفیٹر سوشل ویلفیئر سوسائٹی اور یونیورسٹی آف سرگودھا حیاتیاتی ایجنڈ کرمنالوجی ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام سیمینار اور ساتویں وحید اہم ایوارڈ کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ سیمینار میں سرگودھا کی 50 سے زائد این جی اوز کے عالمی دن کی کارکردگی پر ایوارڈ اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر چیئرمین سوشیالوجی ایجنڈ کرمنالوجی ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر شہزاد خادم مشتاق، چیئرمین (بقیہ نمبر 4)

سرگودھا۔ ڈائریکٹر انفارمیشن نعیم ملک سرگودھا یونیورسٹی میں این جی اوز کے عالمی دن کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں۔ شعبہ سوشیالوجی و سوشل ورک کے سربراہان ڈاکٹر شہزاد خادم، ڈاکٹر بشیر گل و دیگر مقررین بھی خطاب کر رہے ہیں

ملکی حالات کے پیش نظر ضلع کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

غیر قانونی طور پر مقیم 35 افغان شہری افغان ہولڈنگ کیمپ منتقل

سرگودھا (این ایم آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کھوں کی زیر نگرانی ضلع بھر میں سرچ آپریشنز کیے گئے، جن کے دوران 192 گھروں کے 508 افراد کا انتظار کیا گیا۔ ملکی حالات کے پیش نظر ضلع کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے گئے، جن چیک کیا گیا۔ کارروائی (بقیہ نمبر 2 3)

مشرق وسطیٰ جانے والی مختلف ایئر لائنز کی 156 پروازیں منسوخ

لاہور ایئرپورٹ سے مجموعی طور پر 22، اسلام آباد سے 18 پروازیں منسوخ کی گئیں

اسلام آباد لاہور (این ایم آئی) ایران، اسرائیل اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث پاکستان سے مشرق وسطیٰ جانے والی مختلف ایئر لائنز (بقیہ نمبر 2 4)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
ABC
عوام کی بے ساختہ للکار
بانیہ: ایم ایچ شاہ ایڈووکیٹ
بانیہ: ایم ایچ شاہ ایڈووکیٹ
چیف ایڈیٹر: فرخندہ شاہ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بلدیاتی انتخابات کا التوا

جمہوری ملکوں میں مقامی حکومتوں کا نظام عوام کو درپیش مسائل کے حل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے' یہی وجہ ہے کہ ان ملکوں میں مقامی حکومتوں کے انتخابات تسلسل کیساتھ ہوتے ہیں اور انہیں ممکنہ اختیارات کیساتھ وسائل کی فراہمی بھی یقینی بنائی جاتی ہے ۔ ملکِ عزیز میں صورتحال اسکے برعکس ہے' انتخابات اور جمہوری عمل کی نگرانی کرنے والی ایک تنظیم کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گزشتہ پانچ برسوں کے دوران بلدیاتی انتخابات چھ مرتبہ ملتوی کیے جا چکے ہیں۔ یہ تسلسل محض انتظامی کوتاہی نہیں بلکہ جمہوری عمل کی کمزوری کا اظہار ہے ۔ جب طے شدہ انتخابات بار بار ملتوی ہوں تو اس سے نہ صرف امیدواروں کا اعتماد مجروح ہوتا ہے بلکہ ریاستی اداروں کی ساکھ بھی متاثر ہوتی ہے۔

بلدیاتی نظام کی عدم موجودگی میں عوام کو روزمرہ مسائل کے حل کیلئے بیوروکریسی یا اراکینِ اسمبلی کا دروازہ کھٹکھٹانا پڑتا ہے جو بنیادی طور پر قانون سازی کیلئے منتخب ہوتے ہیں نہ کہ گلی محلوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ۔ نتیجتاً عوامی معاملات تعطل کا شکار رہتے ہیں۔ مقامی نمائندگی کے بغیر احتساب کا مؤثر نظام بھی قائم نہیں رہتا۔ مقامی حکومتیں محض انتظامی ڈھانچہ نہیں بلکہ جمہوریت کی بنیاد ہوتی ہیں۔ اگر بنیاد کمزور ہو تو عمارت مضبوط نہیں رہ سکتی۔ وفاقی حکومت کو چاہیے کہ اسلام آباد میں انتخابات کا بروقت انعقاد یقینی بنا کر جمہوری عمل کو تقویت دی جائے۔

"زندگی کیا سے کیا ہوگئی"



سیدہ زینب ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

کچھ دنوں میں ہی زندگی کیا سے کیا ہو
گئی۔ سرف بیتے چند دنوں کی ہی تو بات ہے
سب کچھ ترتیب کے مطابق تھا۔
گلتا تھا کائنات کی ہر شے گردشات ہے ابھی جمود
برقرار تھا۔
جنوری کے ختم ہوتے ہی فٹبال پر دالے فروری
کی سموں کا خوش دلی سے استقبال کیا۔
ماشاءاللہ سے میرے شہر اسلام اباد و راولپنڈی
کی بکھیاں بھی صبح شام کی چاتی ہواؤں میں سر
دھنے لگی تھیں۔
فٹبال کی بگل سے پڑھی جھانکنے لگے تھے۔
شہر اقتدار میں گلنے والی مارچ میں پھولوں کی
نمائش کے منتظر دل تڑپ اٹھے تھے ، اور وہ
جنوں زادے جو پرتی برف باری کی سخ بستہ
ٹھٹھرتی شاموں میں جینے کی امنگ میں
پہاڑوں کا رخ کر دیتے ہیں، ایک طرف اب
تو گرد وغبار سے سجاتے کے خوفیں طلبہ اپنے
اساتذہ اور ہم جماعتوں کے ساتھ سیاحتی مراکز
کا رخ بھی کر چکے تھے۔
اسی اثنائیں حادثات وشہادتوں کے پے در پے
واقعات نے حالات کشمیں ، ماحول کرب نما کر
دیا۔
جڑواں شہر کی فضائیں سوگوار ہوئیں جہاں
رشتوں کی ڈور سے جڑے عنصر ٹوٹ پھوٹ کا
شکار ہوئے ، وہیں پاک کے محافظوں کے پرگلر
اذہانوں کی سوچ کے رخ بدلے ، ماتھے پر بل
پڑے ، چہرے سنجیدہ ہوئے ، عادات غفلت
کی جاہ پر ہوں یا قدرتی بات کچھ اور ہے مگر جب
مطابق اس کے ہاتھ کی لکیریں فتی شی رتقی
ہیں۔
بڑے ہی عجیب ہے ہاتھ کی لکیروں میں سکھ
تلاشتا ہے حالاتکہ جانتا ہے یہ زندگی جو ہم اس
سیارے پر گزار رہے ہیں جس کا نام زمین ہے
امتحان کی جگہ ہے جہاں قدم قدم سانس سانس
امتحان ہے۔
محترم قاری ایسے پر آشوب دور سے بھی خدا
بچائے جہاں ہر لمحہ نیا مرحوں پر ہے۔
قرم کے مفتوں میں جینا بھی کسی کمال سے کم
نہیں۔
ان لمحوں سے ہر ہی متاثر ہے، پاک سرزمین
پر بسنے والا عام عبدا دراس کے محافظ ہر کوئی یقیناً
اس روگ میں مبتلا ہے۔
عام بندوں کی نسبت وطن کے محافظوں کی
زندگی میں زیادہ مشکلات ہیں۔
پاک کے محافظ اپنے معاملات حیات سے بھی
خبردار آزمایں اور وطن کے ساتھ ساتھ ہم عوام کی
حفاظت بھی کر رہے ہیں۔
پاک کے محافظ باکمال ہیں۔
محترم قاری کیوں نہ اپنے کالم کو ایک نظم پر ختم
کریں۔
اور یہ نظم پاک کے محافظوں کو تحفہ کریں۔ تو چلو
نظم کا عنوان ہوا
"پاک کے محافظوں کے نام"
آ عدمی آئے
طوفان آئے
ان کا رستہ
کوئی روک نہ پائے
حق کے پرستار ہیں یہ
باطل ان سے ڈر جائے
یہ پاءہ حروں جہاں
وقی زمیں ان کی
ان کا آسماں
پانی میں آگ لگا دیں
کہساروں کی ہیبت
جھکا دیں
طغان لیں جو یہ
کہکشائیں
زمین پہ لا دیں
ماشاءاللہ
چٹخن پاک علیہم السلام
کے پرچم تلے
یہ جنوں زادے
اہل ان کے ارادے
یہ پائیوں کے راجے
فضاؤں کے پادشاہ
ان کا اک، اک سپاہی
جان ہتھیلی پہ لئے کھڑا
ان کے ہوتے
ملک وقوم کا
دل کیوں سہمے
حق کا جو تو یہ ہی جیتی گئے
پاکستان ہمیشہ زندہ باد
افواج پاکستان ہمیشہ باندہ باد

قانون کی یکساں عملداری یا اثر ورسوخ کی بالادستی؟



ایک مقامی سپر وائزر کے طرز عمل اور اس
کے خلاف اٹھنے والی شکایات نے شہری
حلقوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ باخبر
ذرائع کے مطابق متعلقہ بااثر اور سوخ
رکھنے والا سپر وائزر کو اعلیٰ سطحی سرپرستی
حاصل ہونے کا تاثر پایا جاتا ہے، جس کے
باعث اس کے اقدامات پر مؤثر نگرانی
دکھائی نہیں دیتی، تاہم اس معاملے کی حتمی
حقیقت تاگزیر ہیں۔ متاثر شہری کا ویڈیو
بیان بھی منظر عام پر آچکا ہے جو رام کے
پاس محفوظ ہے، اور اس بیان کے بارے
میں بھوئی کیا جا رہا ہے کہ یہ بعض
سفارشات اور دباؤ کے نتیجے میں ریکارڈ
کروایا گیا؛ ذرائع کے مطابق شہری کو اس
کے قریبی عزیز کے ذریعے معاملہ رفع دفع
کرنے پر آمادہ کیا گیا اور بعد ازاں ایک
ویڈیو کلپ کے ذریعے سپروائزر کے حق
میں موقف اختیار کروایا گیا بتایا جاتا ہے۔ سیدپور طور
صاف ستھرا پنجاب پروگرام کی ہیلپ لائن
پر بطور دفاع پیش کیا گیا۔ اگر یہ دعوے
درست ہیں تو ایک سنجیدہ نوعیت کا معاملہ
ہے، جس کی غیر جانبدارانہ جانچ ضروری ہے
کیا قانون صرف غریب کے لیے ہی ہیں
اور اس کی مثال دیکھنی ہو تو صاف ستھرا
پنجاب پروگرام کی ٹیم چوا سیدن شاہ میں
ہونے والی بے ضابطگیوں کی مثال آپ
کے سامنے ہیں۔
کہا جاتا ہے کہ قانون سب کے لیے برابر
ہوتا ہے مگر عملی صورت حال میں اکثر یہ تاثر
جنم لیتا ہے کہ کمزور قانون کے شکنجے میں جلد
آ جاتا ہے جبکہ بااثر اور اثر ورسوخ رکھنے
والے افراد قانون کی گرفت سے بچ نکلنے
میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ یہی سوال اس
وقت چوا سیدن شاہ میں بھی زیر بحث ہے،
جہاں صفائی اور انتظامی امور سے متعلق
سے مطابقت نہیں رکھتا کیونکہ قانون کی نظر
میں سب برابر ہونے چاہئیں۔ جب کہ
سرکاری پروگرام کا مقصد شفافیت، صفائی
اور عوامی خدمت ہو تو اس کے مقامی
انچارج اور عملے کا طرز عمل خود مثال ہونا
چاہیے بصورت دیگر عوام میں یہ تاثر گہرا ہوتا
ہے کہ طاقتور کے لیے نرمی اور کمزور کے
لیے سختی کا رویہ اختیار کیا جا رہا ہے۔ بطور
صحافی اور شہری راقم کی جدوجہد کسی فرد واحد
کے خلاف نہیں بلکہ اصول، شفافیت اور
عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ہے۔ اگر کوئی
اہلکار ذمہ داری سے کام کر رہا ہے تو اسے
سراہا جانا چاہیے، لیکن اگر کسی اختیارات
کے ممکنہ غلط استعمال یا انتظامی بے ضابطگی کا
شبہ ہو تو اس کی نشاندہی کرنا صحافتی ذمہ داری
ہے۔ اعلیٰ حکام سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ
دو اس معاملے کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیتے
ہوئے ویڈیو بیان کی نوعیت شوکاز اور بحالی
کے عمل، مزدوروں کی برطرفی، ملازمین کے
تحفظات اور مبینہ انتظامی تضادات کو مدنظر
رکھ کر شفاف اکھوائری کروائیں تاکہ حقائق
واضح ہوں؛ اگر الزامات بے بنیاد ثابت
ہوں تو عوام کو اعتماد میں لیا جائے اور اگر بے
ضابطگیاں سامنے آئیں تو قانون کے
مطابق کارروائی کی جائے کیونکہ چوا سیدن
شاہ کے عوام انصاف، برابری اور قانون کی
یکساں عملداری کے منتظر ہیں۔

ایکسٹرو لائٹ مشروبات کا بے جا استعمال، جسم کے لیے خاموش خطرہ

تیار کرتے (سی ایم سس) تحت جسمانی ورزش ہو یا
گرمی کی تپش، تو ہائی اور تازگی کی تلاش میں آج
پہلی ایکسٹرو لائٹ مشروبات تیزی سے لوگوں کی
پسند بنتے جا رہے ہیں۔ تکنیات کی فوری تلافی
اور جسم کو لمحوں میں ہائیڈریٹ کرنے کے دعووں
کے باعث یہ مشروبات نہ صرف کھلاڑیوں بلکہ
عام افراد میں بھی غیر معمولی مقبولیت حاصل کر
چکے ہیں۔ تاہم ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ زیادہ تر
لوگوں کو روزانہ کی بنیاد پر ان مشروبات کی ضرورت
نہیں ہوتی، ان کا حد سے زیادہ استعمال غیر متوقع
طبی مسائل کا سبب بن سکتا ہے۔ ایکسٹرو لائٹس
دراصل وہ معدنیات ہیں، جو خون، پیشاب اور
پسینے میں پائی جاتی ہیں، جیسے سوڈیم، پوٹاشیم،
کیلشیم اور میگنیشیم۔ یہ جسم میں سیال ماڈوں کے
توازن، اعصابی افعال، پٹھوں کے سکڑاؤ اور بلڈ
پریشر کو قابو میں رکھنے میں بنیادی کردار ادا کرتی
ہیں۔ تاہم طبی ویب سائٹ
VeryWellHealth
کی ایک رپورٹ کے
مطابق اگرچہ ایکسٹرو لائٹس ضروری ہیں، مگر
ضرورت سے زیادہ مقدار جسم کو فائدے کے
بجائے نقصان پہنچا سکتی ہے۔ ذیل میں اس کے
نمایاں نقصانات بیان کیے گئے ہیں:۔۔سوڈیم کی
سطح میں اضافہ۔۔۔سوڈیم جسمانی افعال کے
لیے ضروری ہے، مگر اس کی زیادتی فرط سوڈیم
(Hypernatremia) کی کیفیت پیدا
کر سکتی ہے، جو پانی کی کمی اور سیال توازن میں
بگاڑ سے جڑی ہوتی ہے۔ اس کی علامات میں
شدید پیاس، متلی، قے، ذہنی الجھن اور پٹھوں میں
کھچاؤ شامل ہیں، جبکہ شدید صورتوں میں دورے
پڑنے، بیہوشی بھی ہو سکتی ہے۔۔خون میں پوٹاشیم کی
زیادتی۔۔۔پوٹاشیم دل کی دھڑکن اور پٹھوں کے
افعال کے لیے اہم ہے، لیکن خاص طور پر گردوں
کے مریضوں میں اس کی زیادتی دل کی دھڑکن
میں بے ترتیبی، پٹھوں کی کمزوری، سانس میں
دشواری اور سینے کے درد کا باعث بن سکتی
ہے۔۔گردوں پر دباؤ۔۔۔سوڈیم اور میگنیشیم کا حد
سے زیادہ استعمال گردوں پر اضافی بوجھ ڈال سکتا
ہے، جس سے وقت کے ساتھ گردوں کی کارکردگی
متاثر ہونے یا گردے میں پتھری بننے کا خطرہ بڑھ
جاتا ہے۔ گردوں کے مریضوں کو خاص طور پر
تکنیات سے بھرپور مشروبات کے استعمال میں
احتیاط برتنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔۔۔ہاضمے
کے مسائل۔۔۔ایکسٹرو لائٹس کی زیادہ مقدار یا
مناسب مقدار میں پانی کے بغیر ان مشروبات کا
استعمال، اسہال، پیٹ میں پھولاؤ، معدے میں
بےچینی اور ہاضمے کی آرا ایسے مسائل پیدا کر
سکتا ہے۔۔۔شکر اور مٹھاس ابزا کی
موجودگی۔۔۔بہت سے تجارتی ایکسٹرو لائٹ
مشروبات میں شکر کی مقدار زیادہ ہوتی ہے، جو
وزن کی کیلوریز میں اضافہ، وزن بڑھنے اور
دانتوں میں کیڑا لگنے کے خطرے کو بڑھا سکتی
ہے۔ اسی طرح بعض اقسام میں کیفین بھی شامل
ہوتی ہے، جو زیادہ مقدار میں بے چینی، نیند میں
خلل اور دل کی دھڑکن تیز ہونے کا سبب بن سکتی
ہے۔۔۔بلڈ پریشر میں اضافہ۔۔۔سوڈیم کی بلند
مقدار کے باعث مشروبات ہائی بلڈ پریشر کے
مریضوں یا تنگ کے لیے حساس افراد میں فشار
خون بڑھا سکتے ہیں، اس لیے روزانہ استعمال کے
لیے یہ مناسب انتخاب نہیں سمجھے
جاتے۔۔۔ایکسٹرو لائٹ مشروبات کب مفید
ہوتے ہیں؟۔۔۔ماہرین کے مطابق ان مشروبات
کا استعمال صرف مخصوص حالات میں مفید ہے،

SHOWBIZ شوبز

میگھا عیدالفطر کی مناسبت سے خصوصی شوز کی ریکارڈنگ میں مصروف

شوز کی ریکارڈنگ کے دوران اپنے "مشہور گیت بھی پیش کئے" گلوکارہ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) معروف گلوکارہ میگھا عید
الفطر کی مناسبت سے خصوصی شوز کی ریکارڈنگ
میں مصروف ہیں۔ گلوکارہ نے بتایا کہ وہ دن بڑوں
مختلف ٹی وی چینلز کی عید الفطر کی خصوصی نشریات
کے لیے ریکارڈنگز کروا رہی ہیں۔ میگھا نے بتایا
کہ ریکارڈنگ کے دوران انہوں نے اپنے مشہور
گیت بھی پیش کئے ہیں۔ عید الفطر پر پیش کئے
جانے والے پیغام پر ستاروں کی عید کی خوشیوں کو
دوبالا کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عید الفطر
خوشیوں کا تہوار ہے، ہمیں چاہیے کہ دوسروں کو
بھی ان خوشیوں میں شریک کریں جس کے لئے
ہمیں حقیقی لوگوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

گھر بنانے کا الٹی میٹم ملا تو ایک دن میں 28 فلمیں سائن کرلیں' ریمو

ایک دن میں 12 فلموں کی شوٹنگ، ایک فلم کی ڈبنگ بھی کی' اداکار کی گفتگو

لاہور (این این آئی) کامور اداکار افضل خان
عرف ریمو نے کہا ہے کہ شادی سے پہلے جب
گھر بنانے کا الٹی میٹم ملا تو ایک دن میں 28
فلمیں سائن کرلیں، گھر بنانے کا ہدف تھا اس
لئے اور اچھے خاصے کردار کرتے ہوئے سیکنڈ
رول، تھرڈ رول بھی کئے جس کا مجھے بعد میں
بہت نقصان ہوا۔ ایک انٹرویو میں ریمو نے کہا
کہ اداکار نے کہا کہ مجھے ایک وقت دیا گیا کہ
اس ٹائم پیریڈ میں گھر بنا سکتے ہو تو رشتہ ہو جائے
گا ورنہ بھول جاؤ، میں نے خیبر سے کہا کہ
جہاں چہاں سے پیسہ ملتا ہے پکڑلو۔ ایک وقت
ایسا بھی تھا کہ میں نے ایک دن میں 12
فلموں کی شوٹنگ اور ایک فلم کی ڈبنگ بھی کی،

شوبز انڈسٹری میں کوئی کسی کا دوست نہیں ہے' اریبہ حبیب

صرف عمر بڑے لوگوں سے دوستی رکھی ہے، ان کا تجربہ بہت زیادہ، حسد کا بھی کوئی عمل دخل نہیں ہوتا

لاہور (این این آئی) کامور اداکار اریبہ حبیب
نے کہا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں کوئی کسی کا دوست
نہیں ہے ،سب اچھے سے ملتے ہیں۔
شوبز میں صرف عمر بڑے لوگوں سے دوستی
رکھی ہے جن کا تجربہ بہت زیادہ ہوتا ہے تو حسد کا
کوئی عمل دخل نہیں ہوتا، اظہر رحمان میرے اچھے
دوست ہیں اور میرا دوسرا ڈرامہ ان کے ساتھ تھا
انہوں نے مجھے بہت سپورٹ کیا ہے۔ ایک انٹر
ویو میں اداکارہ نے کہا کہ جس دیکھ پروائی کی
تقریب میں بندی لگا کر گئی تھی تو بہت تنقید ہوئی
،ایک سوال کے جواب میں اریبہ حبیب نے کہا
کہ میرے ماڈلنگ کے وقت سوشل میڈیا نہیں تھا

کامیڈی کنگ امان اللہ کی چھٹی برسی 6 مارچ کو منائی جائے گی



خطہ صادق آباد (این این آئی) پاکستان کے
کامیڈی کنگ امان اللہ کی چھٹی برسی 6 مارچ کو
منائی جائے گی اس سلسلے میں کئی تقریبات کا
منصوبہ تقریبات میں انکی خراج تحسین پیش کیا
جائے گا اور دعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا جائے
گا۔ شوبز کی دنیا میں رائج کرنے والے کنگ
آف کامیڈی امان اللہ خان کی عرحقیقی بکھیرے
گزری اداکار امان اللہ نے کامیڈی کے طور پر
پوری دنیا میں شہرت پائی، وہ مختلف لوگوں کی
آوازوں کی نقل اتارنے کی بھی ماہر تھے۔ امان اللہ خان
1950 کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ امان اللہ
خان نے 1976 میں ٹیلی وژن پر کام کیا اور
پھر مڑ کر نہیں دیکھا۔ انہوں نے تقریباً 42 سال
تک لوگوں کے دلوں پر راج کیا۔ امان اللہ خان کی
شمار پاکستان کے بہترین مزاحیہ اداکاروں میں
ہوتا تھا ان کو اعزاز حاصل تھا۔

مرے ہوئے شخص سے وائس میسج پر تعزیت کرلی' شائستہ لودھی

جس شخص کا انتقال ہوا میں اسی کی بہو رہی تھی میں کام سے لاہور آئی ہوں

لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان شائستہ
لودھی نے انکشاف کیا ہے کہ مرے ہوئے شخص
سے وائس میسج پر تعزیت کر لی تھی۔ ایک انٹرویو میں
اداکارہ نے بتایا کہ ہوا کچھ یوں کہ اطلاع آئی کہ
کسی جانے والے کا انتقال ہو گیا ہے میں سمجھی کہ
ان کے والد کا انتقال ہوا تھا میں ان سے کہہ رہی ہوں کہ لاہور میں
کلینک کے کام سے آئی ہوئی ہوں، میں ضرور آتی
ہوں، فیملی گروپ میں بھی کہا کہ آپ لوگ ضرور
جائیے گا جب ٹلی پیغی کو دیکھ جلا کر جن سے میں
افسوس کر رہی تھی کہ ابھی کا انتقال ہو گیا ہے، میں
ابھی سے تعزیت کے چاہ رہی تھی جن کی موت
ہو چکی تھی۔ انہوں نے کہا کہ مجھ سے اکثر اس
طرح کی بڑی غلطیاں ہو جاتی ہیں۔

میرے شوہر ریمو مجھے اکثر کمار کی طرح لگتے تھے، اداکارہ صاحبہ

میں دیکھنے سے زیادہ ریمو کی خوبیوں کو پسند کرتی تھی، وہ پاکیزہ روح تھے

لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف
اداکارہ صاحبہ افضل کا کہنا ہے کہ شوہر
ریمو (افضل خان) مجھے اکثر کمار کی طرح لگتے
تھے۔ اداکارہ صاحبہ افضل نے حال ہی میں جی ٹی
وی کے پروگرام میں شرکت کی اور اس دوران
اپنی اور ریمو کی محبت کی کہانی سے متعلق اظہار
خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں دیکھنے سے زیادہ
ریمو کی خوبیوں کو پسند کرتی تھی، وہ پاکیزہ روح
تھے اور مجھے ان کی عادات پسند تھیں، اس وقت وہ
مجھے ان کی عادات پسند تھیں، اس وقت وہ مجھے اکثر
کمار کی طرح لگتے تھے اور میں اکثر کی بہت بڑی
مداح ہوں۔ ریمو سے شادی سے پہلے میرے لئے
صاحبہ اور صاحبہ گنگنایا پھول تھے میں دنیا، اس کے
بعد ظلم باہمی میرے ساتھی کی خوشی کے دوران
میری جان جہانی۔ اداکارہ نے بتایا کہ شادی کے
بعد رشتے مزید گہرے ہوتے جاتے تو شاید ہم
ایک دوسرے کو بھول جاتے۔

اداکار قوی خان کی تیسری برسی 5 مارچ کو منائی جائے گی

خطہ صادق آباد (این این آئی) ظلم اور لیلیٰ
وجنن کے عظیم اداکار قوی خان کی تیسری
برسی 5 مارچ کو منائی جائے گی۔ قوی خان 13
نومبر 1932 کو چٹاروس پیدا ہوئے پاکستان
ٹیلی وژن نے 1964 میں جب لاہور سے
اپنی نشریات کا آغاز کیا تو وہ ٹی وی سے
منسلک ہو گئے اور ٹی وی کے پہلے
ڈرامے نذرانہ میں کام کر کے اعزاز حاصل
کیا۔ قوی خان نے ڈرامہ سیریل لندن میں
اجالا سے نام کمایا اور ایمانداد پولیس آفیسر کی
ایس پی طاہر کی حیثیت سے اداکاری کے بہترین
جوہر دکھائے۔ قوی خان نے 200 سے زائد
فلموں اور لاتعداد ٹی وی ڈراموں میں کام کیا
جو ہے۔ ان کے مشہور ٹی وی ڈراموں میں اندھیرا
اجالا، وقدم، دوحقے، لاہوری گیٹ، مٹھی بھر خاک،
من چلے کا سودا، میرے قاتل، میرے دلدار، پھر
چاند پر دستک، در شاہوار، زندگی دھوپ تم گھنا
سایہ، صدقے تمہارے، تم کون ہیا، سہیلیاں، نظر بد
اور اللہ اللہ اور انسان شامل ہیں۔ جبکہ ان کی چند شہرہ
آفاق فلموں میں بہت زندگی ہے، سوہانی گرل، جنن
سورج سر فروش، ہالے، چور، زمین آسمان، راگ، نمبر
مہر اشاہ اور بے پرواہ شامل ہیں۔

شیعب ملک نے ایک اور شادی کی افواہیں مسترد کردیں

مزید غلط اور بنک آمیز مواد پھیلانے پر سخت قانونی کارروائی کی جائیگی

لاہور (این این آئی) پاکستان کے
سابق کپتان شعیب ملک نے شادی
کی افواہوں پر خاموشی توڑتے ہوئے
کہا ہے کہ ذاتی زندگی کے حوالے سے
مزید غلط اور بنک آمیز مواد پھیلانے
پر سخت قانونی کارروائی کی جائیگی۔
میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق کرکٹر
شعیب ملک نے سوشل میڈیا پر شادی
کے حوالے سے گردش کرنے والی
افواہوں کو مسترد کرتے ہوئے اسے
بے بنیاد قرار دیا ہے اور خبردار کیا ہے
کہ ذاتی زندگی کے حوالے سے مزید
غلط اور بنک آمیز مواد پھیلانے پر سخت
قانونی کارروائی کی جائے گی۔ سابق
کپتان نے انیس پر پوسٹ شیئر
کرتے ہوئے لکھا کہ میری شادی کا ذکر کئی بے بنیاد
اور من گھڑت ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ 2022
کے اوائل کا وقت تھا جب میری پہلی شادی ٹوٹ رہی،
باہمی رضامندی سے فیصلہ کیا گیا ہم بچے کے
والدین بنے ہیں، اس کے بعد ہی میں نے دوسری
شادی کر لی، میں نے ہمیشہ نجی زندگی کو خاندان کے
احترام کے لیے نجی رکھنے کی کوشش کی ہے تاہم گفتا
ہے کہ میری خاموشی کو معمولی سمجھا گیا۔ سابق آل
راؤنڈر نے لکھا کہ میری دوسری شادی کے بعد سے
لوگوں نے میری ساکھ کو داغدار کرنے کی کوشش کی
ہے، میری ذاتی زندگی کے بارے میں بے بنیاد
کہانیاں میری اجازت کے بغیر گھمی گئی ہیں، لوگوں
نے میری بیوی کو ان چیزوں کے لیے نشانہ بنایا جس
کا نشانہ بنایا جن میں وہ بھی ملوث تھی ہیں اور یہ
رویہ ناقابل قبول ہے۔ شعیب ملک نے کہا
کہ غیر تصدیق شدہ افواہوں کے پھیلاؤ سے
ملک میں ضلعی سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کو ابھارنے کی ضرورت ہے

ملک میں گراس روٹ سطح اس ٹیلنٹ کو ابھارنے کی ضرورت ہے، حاجی نواب خان

سوات (این این آئی) کمیشل کونسل سوات کے سابق
رکن اور الفتوت فاؤنڈیشن یوتھ کلب کے نائب صدر
حاجی نواب خان نے کہا ہے کہ ملک میں گلی کوچہ
کھیلوں کے ٹیلنٹ کو ابھارنے کی ضرورت ہے۔
گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا
کہ ملک میں کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے لیکن
ملک میں گراس روٹ سطح اس ٹیلنٹ کو نکھارنے کی
ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر نوجوان
کھیلوں کے مقابلوں کا انتظار نہ کریں بلکہ اپنی سطح پر
ٹیلنٹ میں نکھار پیدا ہوا ہے کہ تعلیمی ادارے نمایاں طور پر
کھیلوں کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں
لیکن حکومت تعلیمی اداروں کو سالانہ کھیلوں کے مقابلوں
کے لئے انتظار کے لئے پابند کرتی ہے۔ حاجی نواب خان
اداروں سے کھیلوں کے مقابلوں کے دوران ٹیلنٹ
سامنے آئے۔ جس کو فیڈریشن ترقیاتی کیمپ کے دوران
پالیس کی بنیاد پر ان الاؤاتی مقابلوں میں شرکت کے
لئے بھیجے۔

SPORTS سپورٹس

پاکستان سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر، نیوزی لینڈ کو ایوفائی کر گیا

پاکستان کو سپر ایٹ میں انگلینڈ سے ہاکی کا سامنا رہا، جبکہ نیوزی لینڈ کیخلاف میچ بارش کی نذر ہو گیا تھا

ہاکی ورلڈ کپ (این این آئی) نی ٹوئنٹی ورلڈ کپ
2026 میں سپر ایٹ گروپ 2 سے نیوزی
لینڈ کی ٹیم سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر گئی۔
پانچ میچوں پر مشتمل اس سیریز کے باقی دو میچ
ایک ہی جگہ میں پاکستان نے سری لنکا کو جیت کیلئے
213 رنز کا ہدف دیا جبکہ قومی ٹیم کو ورلڈ کپ
سیمی فائنل میں پہنچنے کیلئے سری لنکا کو 147 رنز
تک روکنا تھا تاہم پاکستانی ٹیم سری لنکا کو
روکنے میں ناکام رہی جس کے ساتھ ہی نیوزی
لینڈ نے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا۔ نیوزی
لینڈ کو انگلینڈ سے شکست کا سامنا ہوا، پاکستان
کے خلاف میچ بارش سے متاثر ہوا جبکہ سری لنکا
کو بھاری مارجن سے ہرا کر پاکستان ریٹ بہتر
کر لیا تھا۔ پاکستان کو سپر ایٹ میں انگلینڈ سے
ناکامی کا سامنا رہا، جبکہ نیوزی لینڈ کیخلاف میچ
بارش کی نذر ہو گیا تھا۔

اکرم ساہی کی سینئر صحافی افتخار شکیل کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیٹر انٹیلی
جنس بیورو کے نائب صدر سینئر جنرل رپورٹر محمد
اکرم ساہی نے سینئر صحافی افتخار شکیل کی وفات پر
دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ
تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں سجدے اور
لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اکرم ساہی نے
اپنے ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ افتخار شکیل کی
صحافت کے میدان میں خدمات کو ہمیشہ کے لئے یاد
رکھا جائے گا۔ مرحوم روزنامہ نوائے وقت، اسلام آباد
میں بطور سینئر میڈیا بیورو انجام دیتے رہے ہیں۔

اسسٹنٹ سیریز کوچ کامران اکمل، کپتان شعیب ملک، کوچ عاقب جاوید اور چیف سلیکٹر وہاب ریاض (این این آئی)

ABC
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
بانیہ: ایم ایچ شاہ ایڈووکیٹ
چیف ایڈیٹر: فرخندہ شاہ
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار اراضی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہر ممکن سفارتی اور اخلاقی سطح پر ایران کی حمایت کی ہے اور اقوام متحدہ سمیت عالمی فورمز پر ایران کے خلاف حملے کی واضح مذمت کی ہے۔صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں پاکستان کی مذہبی و سیاسی جماعتوں اور عوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں۔اگر ہم اندرونی طور پر احتجاج کو شدت میں بدلیں یا قانون کو ہاتھ میں لیں تو اس سے دشمن کے عزائم کو تقویت مل سکتی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں اور احتجاج کو مکمل طور پر پرامن رکھیں تا کہ ملک کے اندر کسی قسم کی بدامنی یا نقصان سے بچا جاسکے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ قومی اتحاد، یکجہتی اور استحکام ہی اس وقت پاکستان کی اصل طاقت ہے، اور ہمیں مل کر ملک کے مفاد کو ہر چیز پر مقدم رکھنا ہوگا۔

بقیہ 2

موجودگی کے خلاف بھاری جرمانے عائد کیے گئے ناقص اور مضر صحت اشیاء موقع پر تلف کرا دی گئیں تفصیلات کے مطابق تحصیلدار و پرائس کنٹرول مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود نے گلی جاگیر اور گردونواح میں بازاروں کا دورہ کیا جہاں گرانفروشوں، ناقص اور مضر صحت اشیاء بیچنے والوں کو بھاری جرمانے عائد کیے گئے، ناقص اور غیر معیاری اشیاء موقع پر ہی تلف کرا دیں۔منڈی مویشیاں انتظامیہ کو زائد چارجز کی وصولی پر سخت وارننگ، عوام کی چوہدری شفقت کو دعائیں اور چوہدری شفقت محمود زندہ باد کے نعرے بھی لگائے گئے چوہدری شفقت محمود نے موقع پر سرکاری ریٹس پر خریداری کروائی اہل علاقہ کی جانب سے چوہدری شفقت محمود کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور چوہدری شفقت محمود زندہ باد کے نعرے بھی لگائے گئے اس موقع پر چوہدری شفقت محمود نے واضح کیا ہے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں زائد قیمتوں کی وصولی غیر معیاری اشیائے خورد ونوش کی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 3

محمد علی رندھاوا نے ناکوں پر شہریوں کی حفاظت کے حوالے سے کئے گئے انتظامات اور آپریشنز پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کیلئے بھرپور اقدامات کئے جارہے ہیں اور تمام ناکوں پر شہریوں کی حفاظت کیلئے 24/7 پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے داخلی و خارجی راستوں کی سخت مانیٹرنگ کیلئے پولیس ناکہ جات کے ذریعے یقینی بنایا جارہا ہے۔اس سلسلے میں کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں داخل ہونے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو چیک کیا جارہا ہے۔بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں داخل ہونے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر ایم ٹیگ لگانے کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔شہر کے تمام ناکوں کی اسلام آباد سیف سٹی کے سی سی ٹی وی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نگرانی کی جارہی ہے۔وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے پولیس و ضلعی انتظامیہ کے افسران کو ہر دم الرٹ اور اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں بھرپور انداز میں سر انجام دینے کی ہدایت کی۔انہوں نے ہدایت کی کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن وامان اور سیکورٹی کے حوالے سے کوئی کوتاہی ہرگز برداشت نہ کی جائیگی۔اس موقع پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی امن وامان کی صورتحال کو بہتر اور محفوظ ترین شہر بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

بقیہ 4

ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کونسل آف این جی اوز عبدالمنان چوہدری، چیئرمین سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر علیمہ گل میڈم، زرقاء اظہر، سید مردان شاہ، بابا شفیق ڈوگر، عمر دراز جھاوری، ڈاکٹر زین العابدین، سابق ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد یار گوندل، حافظ فرمان اللہ فاروقی اور دیگر نے بھی شرکت کی۔مقررین کا کہنا تھا کہ غیر سرکاری تنظیمیں معاشرے میں امن محبت اور ترقی کا پیغام پھیلا رہی ہیں ان کی کوششوں کو سراہنا ہم سب کا فرض ہے۔ورلڈ این جی او ڈے ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اپنے لیے تو سب ہی جیتے ہیں اصل زندگی دوسروں کے کام آنے میں ہے۔یہ دن منانے کا بنیادی مقصد ان تنظیموں اور ان کے رضاکاروں کی خدمات، قربانیوں اور معاشرے میں ان کے مثبت اثرات کو خراج تحسین پیش کرنا ہے۔جو بغیر کسی حکومتی سرپرستی کے انسانیت کی خدمت میں معروف عمل ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آج کا دن ان افراد اور تنظیموں کی خدمات کا اعتراف کرنا ہے جو صحت، تعلیم، ماحولیات، انسانی حقوق اور غربت کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ عبدالوحید انجم (مرحوم) نے اپنی ساری زندگی دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کی۔سیمینار کے اختتام پر این جی اوز کے نمائندوں میں اعلیٰ کارکردگی پر شیلڈز اور سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 5

سیلاب اور دیگر آفات سے بچانا اور محفوظ معاشرہ سول ڈیفنس کا بنیادی مقصد ہے۔شہری دفاع کے عالمی دن پر حادثات و آفات کے دوران خدمات سرانجام دینے والے افراد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سول ڈیفنس ڈے کا مقصد عوام میں شہری دفاع کی تنظیم کی اہمیت اجاگر کرنا ہے۔عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے سول ڈیفنس کا معاون کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔زمانہ امن یا جنگ شہری دفاع کی اہمیت مسلمہ ہے۔مضبوط شہری دفاع سے قدرتی آفات اور ناگہانی حادثات کی شدت کو کم کیا جاسکتا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف عوام میں شہری دفاع کی اہمیت کا شعور اجاگر کرنے کی اشد ضرورت ہے۔شہری دفاع کے ادارے کا احیاوقت کا ناگزیر تقاضا ہے۔

بقیہ 6

مساجد اور بازاروں میں رش بڑھ گیا ہے، اس لیے ہر شہری کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔کسی بھی مشکوک سرگرمی یا فرد پر فوری نظر رکھ کر انتظامیہ کو اطلاع دی جائے تا کہ کسی ناخوشگوار واقعے سے بچا جاسکے۔انہوں نے علماء کرام پر زور دیا کہ وہ اپنے خطبات اور بیانات میں اتحاد، صبر اور بھائی چارے کا پیغام عام کریں۔ان کا کہنا تھا کہ دشمن عناصر فرقہ واریت یا افواہوں کے ذریعے انتشار پھیلانے کی کوشش کر سکتے ہیں، مگر ہم سب نے مل کر ایسی سازشوں کو ناکام بنانا ہے۔کمشنر نے تاجر برادری پر زور دیا کہ بازاروں میں سیکورٹی انتظامات بہتر بنائے جائیں۔دکانوں اور مارکیٹوں میں کیمرے نصب کیے جائیں اور انہیں فعال رکھا جائے۔انہوں نے کہا کہ سیف سٹی کیمروں کے ساتھ نجی سطح پر بھی نگرانی کا نظام مضبوط بنایا جائے تا کہ کسی بھی مشکوک حرکت پر فوری کارروائی ممکن ہو۔پولیس حکام نے یقین دہانی کرائی کہ شہر بھر میں گشت اور نگرانی کا عمل مزید مؤثر بنایا جارہا ہے۔مساجد، امام بارگاہوں اور اہم مقامات پر سیکورٹی بڑھا دی گئی ہے۔اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ سرگودھا ڈویژن میں امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے تمام مکاتب فکر کے علماء، تاجر اور انتظامیہ ایک صفحے پر ہیں۔شہریوں سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں قانون نافذ کرنے والے اداروں سے فوری رابطہ کریں۔

بقیہ 8

ساتھ شیئر کرنے سے روکی گئی ہیں۔اس فیصلے کا مقصد قومی سلامتی اور آپریشنل حکمت عملی کو محفوظ رکھنا

ہے نہ کہ کارروائیوں کو روکنا۔انہوں نے کہا کہ کارروائیاں بدستور جاری ہیں، دہشتگرد عناصر کے خلاف آپریشن پوری شدت اور حکمت کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے اپنے ٹویٹ کے اختتام پر #FakeNewsAlert #Pakistan #NationalSecurit کے ہیش ٹیگز بھی شیئر کیے۔

بقیہ 9

دارالحکومت میں دفعہ 144 نافذ ہے، دفعہ 144 کے تحت ہر قسم کے اجتماعات کو غیر قانونی تصور کیا جائے گا۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہری کسی بھی اجتماع کا حصہ مت بنیں، احتجاج، مظاہرے یا اجتماع کی صورت میں سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔دوسری جانب امریکا اور اسرائیل کے ایران پر حملوں کے خلاف ایمبیسی روڈ پر ریلی نکالی کے پیش نظر ریڈ زون کی طرف جانے والے تمام راستے بند کر دیے گئے ہیں۔

بقیہ 10

کی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔اہل فنکاروں کو ماہانہ 5,000 روپے وظیفہ فراہم کیا جائے گا۔ابتدائی مرحلے میں 63 مستحق فنکاروں کو فی کس 15,000 روپے ادا کیے گئے ہیں، وظیفہ کی ادائیگی بینک آف پنجاب کے ذریعے ہوگی۔پروگرام کے لیے سال کے آغاز میں درخواستیں طلب کی گئیں، جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 2,702 درخواستیں موصول ہوئیں۔قواعد و ضوابط کے مطابق سکروٹنی کے بعد 1,831 فنکار اہل قرار پائے۔اہل فنکاروں کا ڈیٹا پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کو بھجوا دیا گیا اور فنڈز جاری کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔مستحق فنکاروں کے لیے تعلیمی گرانٹ 3 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔میڈیکل گرانٹ 2 لاکھ روپے اور دیگر امداد 1 لاکھ روپے ہے۔80 سال سے زائد عمر کے فنکاروں کے لیے ماہانہ 10 سے 15 ہزار روپے پنشن دینے کی تجویز زیر غور ہے۔54 سال سے زائد عمر کے فنکاروں کے لیے ریلیف سکیم متعارف کروانے کی بھی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

بقیہ 11

ملنے کیساتھ چارجنگ سٹیشن لگانے والوں کو کنکشن دیا جائے گا، وزارت پاور ڈویژن نے ایک روز میں ڈیمانڈ نوٹس جاری کرنے کا مراسلہ بھجوا دیا گیا ہے جس کے مطابق ڈیمانڈ نوٹس کی ادائیگی پر میٹریل فراہمی کو یقینی بنا کر جلد کنکشن دیا جائے گا جبکہ ایک ہی اراضی پر الیکٹرک وہیکلز چارجنگ سٹیشن کے لیے علیحدہ کنکشن دیا جا سکے گا، لیسکو سمیت دیگر کمپنیوں میں ایک عمارت پر دو کنکشن نہیں دیے جاسکتے تھے تاہم الیکٹرک وہیکلز چارجنگ سٹیشنز کو پروموٹ کرنے کے لئے قوانین میں ترمیم کی گئی، وفاقی حکومت الیکٹرک وہیکلز چارجنگ سٹیشن کے لئے بجلی کی قیمت میں کمی کر چکی ہے۔

بقیہ 12

علی زرداری خطاب کریں گے، پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے موقع پر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے موقع پر پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں کسی بھی غیر متعلقہ افراد کا داخلہ ممنوع ہوگا، مشترکہ اجلاس کے دوران پارلیمنٹ ہاؤس کی راہداریوں میں کسی کو بھی ویڈیو بنانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ڈائریکٹوریٹ جنرل آف میڈیا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق مشترکہ اجلاس کی کوریج کرنے والے صحافی حضرات کیلئے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے 2026 کیلئے جاری کیے گئے نئے کارڈ ویلڈ ہونگے۔مزید اگر کسی بھی الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے سینئر صحافی، اینکر پرسن کو مشترکہ اجلاس میں شرکت کیلئے دعوت نامے کی ضرورت ہوئی تو وہ اپنے ادارے کے بیٹ رپورٹر کے ذریعے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف میڈیا قومی اسمبلی سے مشترکہ اجلاس میں شرکت کیلئے دعوت نامہ حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 13

فوری طور پر ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا۔کارروائیوں میں انوائرمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے 34 فائر فائٹرز نے حصہ لیا اور پیشہ ورانہ مہارت سے آگ بجھانے کا عمل مکمل کیا۔ترجمان کے مطابق آگ پر مکمل قابو صبح سوا دو بجے پالیا گیا تھا تاہم کولنگ کے عمل کو یقینی بنانے کے لیے عملہ تادن بھر تک موقع پر موجود ہے تا کہ کسی بھی ممکنہ چنگاری کو دوبارہ بھڑکنے سے روکا جاسکے۔ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ صورتحال مکمل طور پر کنٹرول میں ہے اور شہریوں کو کسی قسم کی خطرے کا سامنا نہیں۔

بقیہ 14

کے مطابق ڈھڈیال پولیس ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈ کر رہی تھی کہ ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔اطلاع ملنے پر ایس ڈی پی او صدر سرکل چکوال، ایس ایچ او تھانہ ڈھڈیال اور ایلیٹ فورس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔پولیس نے حق حفاظت خود اختیاری استعمال کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی۔فائرنگ کے تبادلے میں احسان الحق ولد محمد افضل سکنہ سرگودھا اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا جبکہ زبیر خان ولد کوبیل خان سکنہ ڈھڈیال اور محمد منیر ولد محمد بشیر سکنہ سرگودھا زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔دو دیگر ملزمان کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے مزید کارروائی کے احکامات جاری کیے ہیں۔

بقیہ 15

فائرنگ شروع کر دی۔اطلاع ملنے پر ایس ڈی پی او صدر سرکل چکوال، ایس ایچ او تھانہ ڈھڈیال اور ایلیٹ فورس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔پولیس نے حق حفاظت خود اختیاری استعمال کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی۔فائرنگ کے تبادلے میں احسان الحق ولد محمد افضل سکنہ سرگودھا اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا جبکہ زبیر خان ولد کوبیل خان سکنہ ڈھڈیال اور محمد منیر ولد محمد بشیر سکنہ سرگودھا زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔دو دیگر ملزمان کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے مزید کارروائی کے احکامات جاری کیے ہیں۔

بقیہ 16

یہاں انٹرنیٹ سروس بہت زیادہ متاثر ہے، وزارت خارجہ نے بھی ایڈوائزری جاری کی ہے، تقریباً 300 پاکستانیوں کو لوکیٹ کیا گیا ہے۔مدثر ٹیپو نے کہا کہ پاکستانی شہری سفارتخانے اور قونصلیٹ خانوں سے رابطہ کریں۔انہوں نے کہا کہ تہران میں کشیدگی کی صورتحال سب سے زیادہ ہے، ایرانی حکومت نے غیر ملکیوں کو تہران چھوڑنے کو کہا ہے، پاکستانی شہری ہر ممکن ذرائع سے انخلا کی کوشش کریں۔

بقیہ 17

دلی رنج ہے۔پاکستان نے سفارتی اور اخلاقی طریقے سے ایران کی حمایت کی ہے۔پاکستان نے اقوام متحدہ میں دوٹوک الفاظ میں ایران پر حملوں کی مذمت کی۔آیت اللہ خامنائی کی شہادت پر ہم سب کے جذبات ایک جیسے ہیں۔اتنی گزارش ہے کہ جو بھی ہمارے بہن بھائی بزرگ احتجاج کی صورت اپنے جذبات کا اظہار کر رہے، وہ قانون اپنے ہاتھ میں نہ لیں، اور احتجاج کو اپنے ملک میں نقصان کا سبب نہ بننے دیں۔

بقیہ 18

ہو رہی ہیں، پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ

دیا، افغانستان بھارت کی پراکسی بن چکا ہے، پاکستان افغانستان کو موثر اور بھرپور جواب دے رہا ہے، بھارت پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث ہے، کلبھوشن یادیو کہاں سے آیا تھا؟ افغانستان کو بھارت کی پراکسی نہیں بننا چاہیے، پاکستان اپنی سرزمین کا بھرپور دفاع کرے گا۔انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کی جارحیت ناقابل برداشت ہے، انہوں نے حملہ کر کے بھیانک غلطی کی ہے، اب انہیں اس غلطی کے سنگین نتائج بھگتنا ہونگے، قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور بزدل دشمن نے رات کی تاریکی میں وار کیا ہے۔افغان طالبان کی جارحیت پر پاک فوج نے منہ توڑ جواب دیا ہے۔مسلم لیگی رہنما نے کہا کہ پاک افغان کشیدگی کے موجودہ حالات میں پوری قوم افواج پاکستان اور ریاستی اداروں کے موقف کی بھرپور حمایت کرتے ہیں، پاکستان ایک ذمہ دار اور امن پسند ریاست ہے جو ہمیشہ خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے کوشاں رہا ہے تاہم اگر پاکستان کی سرحدوں پر بلا اشتعال فائرنگ کی جائے یا ملک کے اندر دہشتگردی مسلط کرنے کی کوشش کی جائے تو پاکستان اپنا دفاع کا مکمل حق محفوظ رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے کے باعث کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے، پاکستان نے واضح موقف اختیار کیا ہے کہ اس کی کارروائی سرحد پار سے ہونے والے حملوں کے جواب میں ہیں اور ان کا مقصد قومی سلامتی کا تحفظ ہے، یہ امر بھی نہایت تشویشناک ہے کہ پاکستان میں دہشتگردی کے متعدد واقعات کے تانے بانے سرحد پار عناصر سے ملتے ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی مسلح افواج مادر وطن کے دفاع میں مصروف ہے اور پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے جبکہ افغان حکومت پاکستان مخالف عناصر کی پشت پناہی بند کرے اور خطے میں امن کے قیام کیلئے مثبت کردار ادا کرے۔

بقیہ 19

لہرایا دیا گیا، یہ پرچم روایتی مذہبی عزا یا سوگ کے مواقع پر لہرایا جاتا ہے۔ایرانی میڈیا کے مطابق آیت اللہ علی خامنہ ای کے انتقال پر مشہد میں سوگ کی فضا ہے، آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت کے بعد مشہد میں عوام بڑی تعداد میں جمع ہوگئے۔حرم امام رضا سے ویڈیو جاری کر دی گئی جس میں کئی افراد غم سے نڈھال ہو کر زمین پر بیٹھے نظر آئے۔ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ تباہ کن کارروائی جلد شروع ہوگی، ایران کی تاریخ کا سب سے تباہ کن اور جارحانہ آپریشن شروع ہوگا۔دوسری جانب، ایرانی ریاستی ٹی وی نے علی شمخانی اور پاسداران انقلاب اسلامی کے کمانڈر محمد پاکپور کی شہادت کی بھی تصدیق کر دی۔بریگیڈیئر جنرل احمد وحیدی نے پاسداران انقلاب کی کمان سنبھال لی۔بریگیڈیئر جنرل احمد وحیدی کو سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کا نیا کمانڈر ان چیف مقرر کر دیا گیا۔اس سے قبل ایران کے سرکاری میڈیا کی جانب سے تصدیق کی گئی تھی کہ حملے میں سپریم لیڈر کی بیٹی، نواسی، داماد اور بہو شہید ہوئے۔عرب میڈیا نے دعویٰ کیا کہ ایران نے دوبارہ کارروائی کرتے ہوئے دبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنایا۔رپورٹس کے مطابق حملے کے بعد ایئرپورٹ کے ٹرمینل تھری میں دھواں بھر گیا اور فضا میں دھوئیں کے بادل چھا گئے۔حکام نے ہنگامی اقدامات کرتے ہوئے مسافروں کو ٹرمینل تھری سے نکالنا شروع کر دیا۔دبئی میڈیا کے مطابق اس حملے میں کم از کم چار افراد زخمی ہوئے ہیں، جنہیں فوری طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔دوسری جانب عرب میڈیا کا کہنا ہے کہ ایران نے ایک بار پھر اسرائیل پر بھی حملہ کیا ہے۔اطلاعات کے مطابق تل ابیب میں واقع اسرائیلی وزارت دفاع کی عمارت کو نشانہ بنایا گیا۔حملے کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک جبکہ 21 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ذرائع کے مطابق متعدد عمارتوں میں آگ بھڑک اٹھی جس کے بعد امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ بجھانے کا عمل شروع کر دیا گیا۔تازہ ترین رپورٹس کے مطابق اسرائیل کے وزیراعظم نے ایک حملے میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای سمیت متعدد رہنماؤں کو شہید کرنے کا دعویٰ کیا ہے اور کہا کہ جس خفیہ کمپاؤنڈ میں سپریم لیڈر موجود تھے اسے مکمل طور پر بمباری کے ذریعے تباہ کر دیا گیا ہے۔اسرائیل کے مطابق انہوں نے امریکی حکام کو ایرانی سپریم لیڈر کی میت کی تصویر بھی دکھائی ہے۔اس کے بعد امریکی صدر نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ اب نہیں رہے، ٹرمپ نے ایرانی عوام سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھیں اور اپنا ملک حاصل کر لیں۔دوسری جانب مشرق وسطیٰ کی تیزی سے بدلتی کشیدہ صورتحال کے باعث اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس ہوا۔اجلاس میں روس اور چین سمیت متعدد ممالک نے ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملے کی شدید مذمت کی، جبکہ سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے بھی اسے خطے کے لیے خطرناک قرار دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر دفاع نے کہا ہے کہ گزشتہ روز اسرائیل اور امریکا نے ایران پر مشترکہ حملہ کیا ہے۔حملے میں امریکی فضائیہ نے حصہ لیا۔حملے کے بعد تہران میں 3 شدید دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ایران کے بوشہر پر بھی اسرائیلی اور امریکی حملوں کی خبریں ہیں جبکہ حملوں کے بعد ایرانی نیوی ہائی الرٹ کردی گئی ہے۔علاوہ ازیں تقریباً 20 امریکی اور اسرائیلی فائٹر جیٹس شامی علاقے دارا کے اوپر پرواز کرتے ہوئے ایران کی جانب جارہے ہیں۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ہنگامی بیان میں کہا گیا کہ امریکی افواج نے ایران کیخلاف وسیع آپریشن 'ایپک فیوری' کا آغاز کر دیا ہے۔ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران دہائیوں سے امریکی مردہ باد کے نعرے لگاتا رہا اور خطے میں امریکی مفادات پر حملے کا ذمہ دار بھی ایران ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم ایران کی بحریہ کو مکمل تباہ کرنے جارہے ہیں۔اس آپریشن میں امریکی فوجیوں کی جانیں بھی جاسکتی ہیں۔ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل کرنے نہیں دیں گے اور ایرانی میزائل پروگرام کو مٹا دیں گے۔ٹرمپ کا مزید کہنا تھا کہ پاسداران انقلاب اگر ہتھیار ڈال دے تو مکمل استثنیٰ ملے گا۔اگر ایسا نہ کیا تو یقینی موت کا سامنا ہوگا۔ایران برسوں سے امریکی اہداف پر حملے کرتا رہا۔امریکی کسی انتہاپسند حکومت کو پروان نہیں چڑھنے دے گا۔اسرائیلی دفاعی اہلکار کا کہنا ہے کہ اس حملوں کی منصوبہ بندی مہینوں پہلے سے جاری تھی اور تاریخ کا بھی فیصلہ ہفتوں پہلے کیا گیا۔یہ حملے امریکا کے ساتھ مل کر کیے گئے ہیں۔یہ حملے پیشگی حملے ہیں جس کا مقصد ایران کی طرف سے فوری خطرے کو کم کیا جاسکے۔چار روز تک شدید اور مربوط حملے کیے جائیں گے جس کے بعد تہران کی صورتحال تبدیل ہوجائیگی۔روسی میڈیا نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ یہ فضائی حملہ اسرائیل کی جانب سے کیا گیا ہے جس میں کئی فوجی کمانڈر مارے گئے ہیں۔حملے میں انٹیلی جنس ہیڈکوارٹر کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ یونیورسٹی اسٹریٹ اور جمہوری ایریا میں کئی میزائل گرائے گئے۔اس کے علاوہ قوم، خرم آباد، اصفہان میں بھی حملے کیے گئے۔دیگر رپورٹس کے مہرآباد ایئرپورٹ کو بھی نشانہ بنانے کی اطلاعات ہیں۔ایران نے اپنی فضائی حدود بند کردی ہے اور عراق نے بھی ایئر ٹریفک معطل کر دی ہے۔اسرائیلی حکام کا کہنا ہے

کہ یہ حملوں کی پہلی لہر ہے جبکہ دوسری لہر متوقع ہے۔حملوں میں کئی اہم اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔اہداف میں وزیر اطلاعات اور ایوان صدر بھی شامل ہیں۔اسرائیل نے بھی اپنی فضائی حدود بند کر دی ہیں۔مزید برآں حملوں میں ایرانی صدر کو بھی نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی۔ایران میں حملے کے بعد اسرائیل میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے جس کے تحت اسکول بند اور شہریوں کو محفوظ مقامات میں رہنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہیں۔دوسری جانب ایرانی عہدیدار کا کہنا ہے کہ امریکی اسرائیلی حملوں کے جواب میں ایک طاقتور ترین حملے کی تیاری کی جارہی ہے۔اسرائیل نے ایسا راستہ اختیار کیا ہے جس کا انجام اس کے ہاتھ میں نہیں۔ایران کی جانب سے مختلف عرب ممالک میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ایران نے بحرین، قطر، کویت اور متحدہ عرب امارات میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا۔عرب میڈیا کے مطابق ایران نے یو اے ای میں الدفرا ایئر بیس، بحرین میں بحری ایئر بیس کو نشانہ بنانے کی تصدیق کی ہے۔یو اے ای کی سرکاری خبر ایجنسی کے مطابق ایرانی میزائل حملے میں ایک شخص ہلاک ہوا جبکہ یو اے ای نے متعدد ایرانی میزائلوں کو روک دیا۔متحدہ عرب امارات کا کہنا ہے کہ یہ حملہ قومی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، متحدہ عرب امارات اس جارحیت کا جواب دینے کا مکمل حق محفوظ رکھتا ہے۔اس کے علاوہ سعودی عرب کے شہر ریاض میں بھی دھماکے سنے گئے۔دبئی کے علاقے مارینا میں بھی دھماکا سنا گیا۔سعودی عرب نے خلیجی ریاستوں پر ایرانی حملوں کی مذمت کر دی ایران مشرق وسطیٰ کے ممالک کی خودمختاری کی خلاف ورزی کر رہا ہے، جس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کی جانب سے بحرین، کویت، متحدہ عرب امارات، قطر اور اردن پر ایرانی حملے افسوسناک ہیں ایران نے خلیجی ممالک پر حملہ کر کے ان کی خودمختاری پر حملہ کیا ہے ایران نے خلیجی ممالک پر حملہ کر کے بین الاقوامی قوانین کی بھی خلاف ورزی کی ہے اور سعودی عرب عرب ریاستوں کے ساتھ کھڑا ہے۔سعودی وزارت خارجہ نے عالمی برادری سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایرانی حملوں کی مذمت کرے اور خطے کے امن اور سلامتی کو خطرے میں ڈالنے پر ایران خلاف ورزیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرے۔

بقیہ 20

شراب برآمد کی، کینٹ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گے۔ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 21

پولیس افسران و جوانوں کے لیے افطار کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے دیگر سینئر پولیس افسران کے ہمراہ افسران و جوانوں کے ساتھ روزہ افطار کیا جبکہ شہداء پولیس کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کا ہر افسر اور جوان اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے پرعزم ہے اور فورس کے ہر جوان کا کردار قابل تحسین ہے۔انہوں نے افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور نیک نیتی پر فخر ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ رمضان کے مقدس مہینے میں بھی پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتی جائیں اور جوش و خروش کے ساتھ فرائض منصبی سرانجام دیے جائیں۔آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ افطار ڈنر کے اہتمام کا مقصد فورس کے حوصلوں کو بلند رکھنا ہے جو شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔بعد ازاں انہوں نے نماز تراویح اور فجر کے اوقات میں مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر سیکورٹی ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران سے ملاقات کی اور سیکورٹی انتظامات کا ازخود جائزہ لیا۔انہوں نے الرٹ ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں اپنے فرائض بطریق احسن انجام دینے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 22

سے شہر بھر میں موثر سیکورٹی انتظامات کئے گئے ہیں، بین الصوبائی شاہراہوں، داخلی و خارجی راستوں سمیت شہر بھر میں جوائنٹ و سپیشل پکٹس اور دیگر مقامات پر سنیپ چیکنگ اور سکریننگ جاری ہے، ایس ایس پی آپریشنز، ڈویژنل ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز فیلڈ میں تمام سیکورٹی انتظامات کو چیک اور بریف کر رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق موجودہ صورتحال کے پیش نظر سیکورٹی ہائی الرٹ، راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہر بھر میں موثر سیکورٹی انتظامات کیے گئے، بین الصوبائی شاہراہوں، داخلی و خارجی راستوں سمیت شہر بھر میں جوائنٹ و سپیشل پکٹس اور دیگر مقامات پر سنیپ چیکنگ اور سکریننگ جاری ہے، ایس ایس پی آپریشنز، ڈویژنل ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز فیلڈ میں تمام سیکورٹی انتظامات کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، ٹرانسپورٹ اڈہ جات، بسوں و ویگنز اور آنے جانے والے مسافروں کی کڑی نگرانی اور چیکنگ کی جارہی ہے، حساس مقامات کے گرد و نواح میں سرچ، سویپ اور کومبنگ آپریشنز جاری ہیں، ایلیٹ فورس، ڈولفن سکواڈ، محافظ سکواڈ اور تھانوں کی موبائلز شہر بھر میں مؤثر اور مسلسل پٹرولنگ ڈیوٹیز سرانجام دے رہی ہیں، سیف سٹی کیمروں کے ذریعے شہر کے اہم مقامات اور شاہراہوں کی چوبیس گھنٹے مسلسل مانیٹرنگ کی جارہی ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے تمام سپروائزری افسران کو فیلڈ میں تعینات نفری کو ڈیوٹیز کی حساسیت کے حوالے سے کڑی نگرانی اور باقاعدہ سپرویژن یقینی بنانے کا حکم دیا، راولپنڈی پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور فول پروف سیکورٹی کو ہر صورت یقینی بنانے کے لیے تمام تر اقدامات بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ 23

کے نتیجے میں غیر قانونی طور پر مقیم 35 افغان شہریوں کو حراست میں لے کر افغان ہولڈنگ کیمپ منتقل کر دیا گیا۔سرچ آپریشن کا مقصد ملک و قوم کی سلامتی کو یقینی بنانا اور جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ شکنی کرنا ہے اس سلسلے میں ضلع بھر میں ایسے آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔دریں اثناء ڈی پی او چکوال کے زیر نگرانی رات گئے تھانہ سٹی تلہ گنگ اور تھانہ صدر تلہ گنگ نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیے جن کے دوران 30 گھرانوں کے 90 افراد کو چیک کیا گیا۔کارروائی کے نتیجے میں 2 عدالتی مفروران 5 مقدمات کرایہ داری ایکٹ کے تحت درج کیے گئے غیر قانونی طور پر مقیم ایک افغانی شہری کو حراست میں لے کر افغان ہولڈنگ کیمپ منتقل کیا گیا۔ضلع بھر میں ایسے آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 24

کی 156 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ذرائع کے مطابق لاہور ایئرپورٹ پر مجموعی طور پر 22 بین الاقوامی پروازیں منسوخ ہوئیں، اسی طرح اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بھی 18 بین الاقوامی پروازیں منسوخ کی گئیں جس کے باعث بڑی تعداد میں مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق ملتان، سیالکوٹ،

پشاور اور کوئٹہ ایئرپورٹس سے مشرق وسطیٰ جانے والی متعدد پروازیں بھی منسوخ کی گئی ہیں جبکہ کراچی سے بھی مشرق وسطیٰ کے مختلف شہروں کے لیے پروازوں کو منسوخ کیا گیا۔دوسری جانب نوکری پیشہ اور طلبہ کو موجودہ حالات میں شدید مشکلات سے دوچار ہیں

بقیہ 25

انتقامی کارروائیوں پر یقین نہیں رکھتی، اُن کی جلاؤ گھیراؤ، انتشاری اور انتقامی سیاست کے بجائے ہمیشہ ملک و قوم کی تعمیر و ترقی و خوشحالی اولین ترجیح رہی ہے، انتشار کی سیاست کسی طرح سودمند نہیں، اس سے ملک و قوم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے اور مسائل زدہ پاکستان مزید بحرانوں کا شکار ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حب الوطنی کا تقاضا بھی ہے کہ سیاسی قائدین مل بیٹھیں اور ملک میں سیاسی و معاشی استحکام کے فروغ کی خاطر مشترکہ لائحہ عمل مرتب کریں، مسلم لیگ (ن) کی قیادت اس جدوجہد میں ہر اول دستے کا کردار ادا کرے گی۔مسلم لیگی رہنما نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے کڑے حالات میں بھی اعلیٰ سیاسی بصیرت کا بھی ثبوت دیتے ہوئے ملکی استحکام اور جمہوریت کی بقاء کیلئے دانشمندانہ فیصلے کیے جس سے مرکز سمیت تمام صوبوں میں مضبوط حکومتوں کے قیام میں مدد ملے گی اور جمہوری اقدار کو فروغ ملنے سمیت انتظامی امور فعال ہوئے۔پارٹی کے تمام وزراء اور ارکان اسمبلی قائد میاں نواز شریف کے ہر فیصلے پر لبیک کہتے ہوئے ان کی ہدایات پر ہمیشہ مکمل عملدرآمد کریں گے اور وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا بھرپور ساتھ دے کر عوامی خوشحالی کے عمل میں مثالی کردار ادا کرتے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ مرکز اور پنجاب میں مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں کے قیام کے بعد ایک بار پھر تعمیر و ترقی و خوشحالی کا دور شروع ہوا جس پر وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف خراج تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے شبانہ روز جدوجہد سے عوامی ریلیف کا خواب شرمندہ تعبیر کیا، میاں شہباز شریف بطور وزیراعظم پارٹی منشور کی عملداری کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ پنجاب میں بطور وزیراعلیٰ مریم نواز صوبہ کی ترقی کیلئے برسرپیکار ہیں۔

بقیہ 26

فوری طور پر نافذ کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں۔ہسپتالوں میں سیکورٹی عملہ اور کنٹرول رومز مکمل فعال رکھنے کا بھی حکم دیدیا گیا ہے، محکمہ صحت کے حکام کے مطابق ہائی الرٹ کا مقصد کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی انتظامات کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 27

کا تعین کیا جارہا ہے، خوش قسمتی سے کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کے مطابق آگ پہلی منزل پر ویلڈنگ کے دوران لگی۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ الحمدللہ اس حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

بقیہ 28

کرتے ہوئے ریڑھی بانوں سے بھتہ وصول کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، ریڑھی بانوں سے وصول کی گئی بھتہ کی رقم 3 ہزار روپے برآمد ہوئی، متن مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص ریڑھیوں پہ آیا اور زبردستی ریڑھی لگانے کی مد میں بھتہ وصول کرتا، گنجمنڈی پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کی ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 29

آگاہی واک، سکولوں میں طلباء کے ساتھ لیکچرز، ویسٹ پکنگ ایکٹیویٹی اور واک کی جارہی ہے اور انہیں صفائی کا سفیر بنا کر یہ پیغام اپنے گھروں، گلی محلوں تک پہنچانے کی تلقین کی جارہی ہے، راولپنڈی کی تحصیل گوجر خان میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت انسداد کوڑا کرکٹ مہم کو بھرپور انداز میں جاری رکھا گیا ہے، مہم کے دوران روزانہ کی بنیاد پر مینوئل سویپنگ، ویسٹ لفٹنگ، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن، کنٹینرز، نالیوں، مین روڈ و اندرون گلیوں کی صفائی کا کام جاری ہے تا کہ شہری ایک صاف ستھرا اور صحت مند ماحول پاسکیں۔گوجر خان کے مین روڈز اور گلیوں میں آر ڈبلیو ایم سی کے ورکرز دن رات مصروف عمل ہیں، شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ کھلے عام نہ پھینکیں، نہ جلائیں اور گوجر خان کو زیرو ویسٹ زون بنانے میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا ساتھ دیں، سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ شہری تعاون کے بغیر صفائی مہم مکمل نہیں ہو سکتی، اس لیے عوام کو چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داری کو سمجھے اور ورکرز کے ساتھ مل کر شہر کو صاف ستھرا رکھیں۔انہوں نے کہا کہ انٹی لٹرنگ کی آگاہی مہم کے سلسلے میں راولپنڈی ڈویژن کی تمام 22 تحصیلوں کے بس اڈوں، گلیوں اور عوامی مقامات پر صفائی کی اہمیت اور کوڑا کرکٹ نہ پھینکنے کے حوالے سے اعلانات جاری ہیں تا کہ عوام میں شعور پیدا ہو اور شہر کی خوبصورتی کو برقرار رکھا جاسکے، راولپنڈی میں ایک نجی سکول کی جانب سے منعقد کی گئی کرکٹ لیگ میں صفائی کے بہترین انتظامات کے اعتراف میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو اعزازی شیلڈ سے نوازا گیا ہے، لیگ کے منتظمین نے کہا کہ لیگ میں آر ڈبلیو ایم سی کے محنتی ورکرز کی محنت سے نہ صرف کرکٹ گراؤنڈ صاف ستھرا رہا بلکہ کھلاڑی اور شائقین بھی ایک صحت مند ماحول میں کھیل سے لطف اندوز ہوئے، یہ اقدامات نہ صرف شہری زندگی کو بہتر اور صحت مند بنانے میں مددگار ہیں بلکہ کھیلوں اور تفریح کے مواقع پر صفائی اور نظم و نسق کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔

بقیہ 30

دیے۔اس موقع پر مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز اور دیگر افسران کو بھی تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا جن میں ایس ایچ او پیرودہائی انسپکٹر سید علی عباس ہمدانی، ایس ایچ او مورگاہ انسپکٹر گلناز بیگم، ایس ایچ او نیو ٹاؤن انسپکٹر عاطف ستار، انسپکٹر افتخار احمد، ایس ایچ او سول لائنز سب انسپکٹر محمد ذوالفقار، ایس ایچ او صدر واہ سب انسپکٹر آصف اقبال خان، ایس ایچ او آر اے بازار سب انسپکٹر عبدالرحمٰن، ایس ایچ او کینٹ سب انسپکٹر سجاد احمد، ایس ایچ او صادق آباد سب انسپکٹر سید سبطین الحسنین، ایس ایچ او وارث خان سب انسپکٹر تصدق رحمٰن سمیت دیگر سب انسپکٹرز اور ہیڈ کانسٹیبل شامل تھے۔ایس پی انویسٹی گیشن ناصر علی خان نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور جرائم کی روک تھام پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے افسران و اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ پیشہ ورانہ مہارت اور جذبے کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیتے رہیں۔

بقیہ 31

نے اقوام متحدہ میں دوٹوک الفاظ میں ایران پر حملوں کی مذمت کی۔آیت اللہ خامنائی کی شہادت پر ہم سب کے جذبات ایک جیسے ہیں۔اتنی گزارش ہے کہ جو بھی ہمارے بہن بھائی بزرگ احتجاج کی صورت اپنے جذبات کا اظہار کر رہے، وہ قانون اپنے ہاتھ میں نہ لیں، اور احتجاج کو اپنے ملک میں نقصان کا سبب نہ بننے دیں۔

بقیہ 32

اور گلی محلوں میں قائم چھوٹے بازاروں میں رش میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔شہری حلقوں نے انتظامیہ

سے مطالبہ کیا ہے کہ مردوں، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر فوری اور مؤثر انتظامات کیے جائیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ بازاروں میں دکانوں کے سامنے موٹر سائیکلیں، سامان اور تشہیری بورڈ رکھ دیے جاتے ہیں جس سے راستے تنگ ہوجاتے ہیں اور پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔مزید برآں بعض دکاندار دکانوں کے باہر کرسیاں رکھ کر بیٹھ جاتے ہیں جس سے گزرگاہ متاثر ہوتی ہے جبکہ خواتین خریداروں کو غیر ضروری جملوں اور آوازوں کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔عوامی حلقوں نے ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس اور دیگر سیکورٹی ادارے آئندہ دنوں کے لیے باقاعدہ حکمت عملی ترتیب دیں، بازاروں میں نفری بڑھائی جائے، تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے اور خواتین و بچوں کے لیے محفوظ اور پرسکون ماحول فراہم کیا جائے تا کہ وہ آزادی اور اطمینان کے ساتھ عیدالفطر کی خریداری کر سکیں۔شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ انتظامیہ بروقت اقدامات کر کے عیدالفطر کی خوشیوں کو محفوظ اور خوشگوار بنانے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 33

کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کے لئے 40 مشکوک افراد اور 24 موٹر سائیکلوں کو تھانہ منتقل کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومبنگ آپریشن کیا گیا، سرچ آپریشن کے دوران 1,096 افراد، 585 گھرانوں، 116 دکانوں، 41 گیسٹ ہاؤسز، 585 موٹر سائیکلوں اور 77 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کے لئے 40 مشکوک افراد اور 24 موٹر سائیکلوں کو تھانہ منتقل کیا گیا، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جارہے ہیں، اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 34

نے اس حملے کا منہ توڑ جواب دیا ہے، ان حملوں کے بعد گولیاں چلانے والوں سے مذاکرات نہیں ان کی ہی زبان میں جواب دینگے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ایٹمی اور خودمختار ریاست ہے اور اسکی بہادر افواج ہر قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، اس وقت پوری قوم اپنی مسلح افواج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

بقیہ 35

خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک کی سلامتی اور استحکام کے لیے پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر قسم کے چیلنجز کا متحد ہو کر مقابلہ کرے گی۔تقریب کے دوران مقررین نے خطے کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر پاکستان کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں، تاہم اللہ کی تدبیر سب سے بہتر ہے اور قوم کا اتحاد ہر مشکل کا مقابلہ کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔اس موقع پر اسکول پرنسپل شہباز درس نے پڑوسی ملک افغانستان کے حوالے سے بھی امن واستحکام کی ضرورت پر زور دیا گیا دوسری صورت میں خوب جواب دینے کا بھی عزم کیا۔اور کہا گیا خارجیوں سے اپنی وطن کو صاف کرے۔سانپ پالنے سے ہمیشہ دشمن پریشان نہیں ہوتا خود بھی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ریلی میں طلبہ اسد خیبر، ماہنور خان، امہ ہانی، ولی خان، ہدایت خان اور عجب خان سمیت دیگر بچوں نے تقاریر کے ذریعے پاک فوج سے محبت، عقیدت کے جذبات کا اظہار کیا، جس سے ماحول حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو گیا۔

بقیہ 36

منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کیا جن کی شناخت ابراہیم خان اور خرم حسین کے ناموں سے ہوئی ہے۔پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 10 مسروقہ موٹر سائیکلیں، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے جبکہ ان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے اور قیمتی اشیاء سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-15 پر فوری دیں۔

بقیہ 37

جاری اقدامات سمیت شہداء وغازیان پولیس کی فلاح و بہبود سے متعلق پیش رفت پر بریفنگ دی۔اجلاس میں ادارے کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے، جاری ترقیاتی سرگرمیوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے اور تمام امور میں شفافیت و اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن نے نجی شعبے میں بہترین سیکورٹی سروسز کی فراہمی، سیکورٹی گارڈز کی جدید خطوط پر تربیت اور موجودہ سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مربوط تربیتی نظام متعارف کرانے کی ہدایات جاری کیں۔مزید برآں این پی ایف ایجوکیشن سسٹم کے تحت معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانے اور شہداء وغازیان پولیس کی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ نیشنل پولیس فاؤنڈیشن پولیس فورس کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کا قومی فریضہ بھی سرانجام دے رہی ہے اور ادارہ شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی خدمات کا دائرہ وسیع کرے گا۔

بقیہ 38

روزہ افطار کیا جبکہ شہداء پولیس کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کا ہر افسر اور جوان اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے پرعزم ہے اور فورس کے ہر جوان کا کردار قابل تحسین ہے۔انہوں نے افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور نیک نیتی پر فخر ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ رمضان کے مقدس مہینے میں بھی پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتی جائیں اور جوش و خروش کے ساتھ فرائض منصبی سرانجام دیے جائیں۔آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ افطار ڈنر کے اہتمام کا مقصد فورس کے حوصلوں کو بلند رکھنا ہے جو شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔بعد ازاں انہوں نے نماز تراویح اور فجر کے اوقات میں مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر سیکورٹی ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران سے ملاقات کی اور سیکورٹی انتظامات کا

ازخود جائزہ لیا۔انہوں نے الرٹ ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں اپنے فرائض بطریق احسن انجام دینے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 39

صورتحال میں کوئی نمایاں بہتری نہیں آئی۔اہل علاقہ کے مطابق شکایات درج کرانے کے باوجود عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں، جس سے عوام میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔علاقہ مکینوں نے الزام عائد کیا کہ بعض متعلقہ پولیس اہلکار گاہے بگاہے علاقے کا دورہ کرتے ہیں، مگر مبینہ طور پر مٹھی گرم کر کے واپس چلے جاتے ہیں، جس کے بعد منشیات فروش پہلے سے زیادہ دلیری کے ساتھ اپنا کاروبار جاری رکھتے ہیں۔اگر یہ الزامات درست ثابت ہوتے ہیں تو یہ نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے بلکہ معاشرتی بگاڑ کا سنگین سبب بھی ہے۔اہل علاقہ نے سی پی او راولپنڈی اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے مدنی محلہ میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے، ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے اور متعلقہ اہلکاروں کی شفاف و غیر جانبدارانہ انکوائری کی جائے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو نوجوان نسل کو اس تباہی سے بچانا مشکل ہو جائے گا۔عوامی حلقوں نے اس حساس مسئلے کو اجاگر کرنے والے روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی کے نمائندے کے اقدام کو جرات مندانہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے حالات میں سچ کو سامنے لانا آسان نہیں، تاہم یہی حقیقی صحافت ہے جو معاشرے کی اصلاح اور قانون کی بالادستی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔اب نگاہیں اعلیٰ حکام کی جانب ہیں کہ آیا وہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لے کر عملی اقدامات کرتے ہیں یا مدنی محلہ کے مکین بدستور منشیات مافیا کے سائے تلے زندگی گزارنے پر مجبور رہیں گے۔

بقیہ 40

سے گزرتی ہوئی پریس کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔شرکاء کے ہاتھوں میں قومی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جبکہ پاکستان پائندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے گئے اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور سرحدوں کے تحفظ کی ضامن ہے اور پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی بیرونی جارحیت یا سازش کے خلاف قوم متحد ہے اور قومی سلامتی کے اداروں پر مکمل اعتماد رکھتی ہے ریلی کے اختتام پر ملکی سلامتی، امن واستحکام اور پاک فوج کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 41

احتجاج کی قیادت ضلعی صدر علی حسن قمبرانی اور صوبائی چیف آرگنائزر یار علی خان ڈومکی بلوچ نے کی۔اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سول اسپتال ضلع کا سب سے بڑا سرکاری طبی مرکز ہے جہاں روزانہ سینکڑوں مریض علاج کے لیے آتے ہیں۔مرکزی دروازے کے سامنے واپسی کا موڑ نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں، ایمبولینسوں اور عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال میں ٹریفک کا دباؤ بڑھ جانے سے ایمبولینسوں کو اسپتال تک بروقت پہنچنے میں تاخیر ہوتی ہے، جس سے قیمتی جانوں کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔مقررین کا کہنا تھا کہ متعدد بار متعلقہ حکام کو اس مسئلے سے آگاہ کیا گیا ہے مگر تاحال کوئی عملی اقدام نہیں اٹھایا گیا پیرا میڈیکل عملے کے رہنماؤں نے ڈپٹی کمشنر کشمور سے مطالبہ کیا کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر فوری نوٹس لیتے ہوئے سول اسپتال کندھکوٹ کے مرکزی دروازے کے سامنے سڑک پر واپسی کا موڑ فراہم کیا جائے تا کہ مریضوں، تیمارداروں اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔مظاہرین نے خبردار کیا کہ مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں احتجاج کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا۔

بقیہ 42

کی مؤثر پیروی کے پیش نظر عدالت نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں۔سنگین مقدمہ میں کامیاب پیروی پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دی۔

بقیہ 43

وی کیمروں کے ذریعے چوبیس گھنٹے مانیٹرنگ جاری ہے جبکہ انٹری پوائنٹس اور اہم مقامات پر ایلیٹ فورس کے کمانڈوز تعینات ہیں۔ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے کہا کہ واچ ٹاورز کے ذریعے کڑی نگرانی کو یقینی بنایا جارہا ہے اور فول پروف سیکورٹی کیلئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 44

کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ شالیمار، تھانہ گولڑہ، تھانہ سمبل، تھانہ سنگجانی، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ ہمک، تھانہ بھارہ کہو اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے 17 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 110 گرام چرس، 145 گرام ہیروئن، 421 گرام آئس، 210 بوتلیں شراب اور مختلف بور کے 10 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران سات مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" - پر فوری اطلاع دیں تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔

بقیہ 45

بذریعہ زوم اور دیگر متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن وامان سمیت پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کیخلاف اقدامات کے حوالے سے جائزہ لیا گیا۔وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے کہا کہ حکومت پاکستان کا عزم ہے کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی کو مؤثر بناتے ہوئے ملک کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنایا جائے۔اجلاس میں مکمل طور پر سنگل ویزا رجیم کو نافذ العمل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ون ویزہ رجیم پر عملدرآمد کیلئے غیر قانونی افغان باشندوں کیخلاف فارنرز ایکٹ 1946 کے تحت کارروائی کی جائیگی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کیخلاف کومبنگ آپریشن کو مزید تیز اور اسکا دائرہ کار بڑھایا جائیگا۔چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد

کیخلاف ایکشن کے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کو رہائش دینے پر مالک مکانوں کیخلاف قانون کے مطابق کارروائیوں کا عمل جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کو کاروبار کیلئے جگہیں فراہم کرنے پر ایف آئی آر کا اندراج کیا جا رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تمام اضلاع سے واپس جانے والے غیر ملکی افراد کے اعداد و شمار وفاقی وزارت داخلہ کے مرکزی ڈیش بورڈ سے مربوط کیا جاچکا ہے۔وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے کہا کہ وزارت داخلہ کی جانب سے کوئی بھی ری لوکیشن پروگرام نافذ نہیں کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد سے نجات حاصل کرنے کیلئے کیپٹی کو بھی شامل کیا جائے۔انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں نگہبان کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کیخلاف دیگر اضلاع کے افسران بھی اپنے اضلاع میں نگہبان کمیٹیاں تشکیل دیں۔وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے کہا کہ تمام اضلاع کے افسران اپنے اپنے اضلاع کے داخلی و خارجی راستوں کی سخت چیکنگ کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ چیکنگ کیلئے پولیس اہلکاروں اور انتظامیہ کی موجودگی میں اضافہ کیا جائے اور تمام اہم مقامات، عبادت گاہوں، مساجد اور اہم و حساس عمارات کی سیکورٹی میں اضافہ کیا جائے۔انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ سیف سٹی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مرکزی شاہراہوں، مراکز اور رہائشی علاقوں کی نگرانی کا میکنزم بنایا گیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مشکوک سرگرمیوں اور افراد پر کڑی نظر رکھنے اور انکی مکمل تفصیلات کا ڈیٹا مرتب کیا جاچکا ہے۔

بقیہ 46

ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 47

گئے تھے۔علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ حالیہ ہفتوں میں درجنوں جانور چوری ہو چکے ہیں جبکہ پولیس تاحال کوئی بڑی کامیابی حاصل نہیں کر سکی۔شہریوں کے مطابق بیشتر وارداتیں چک باقر شاہ اور چکوال۔سوہاوہ روڈ کے قریب ہو رہی ہیں جہاں رات کے وقت پولیس گشت نہ ہونے کے برابر ہے۔متاثرہ کسانوں کا کہنا ہے کہ چوری ہونے والے جانوران کا واحد ذریعہ معاش تھے اور لاکھوں روپے کا نقصان ہو چکا ہے۔علاقہ مکینوں نے ڈی پی او چکوال اور ایس ایچ او تھانہ ڈومن سے فوری سخت کارروائی، گشت میں اضافہ اور منظم گروہ کی گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 48

تفتیش کا دائرہ کار بڑھاتے ہوئے مقتول کی اہلیہ کو شامل تفتیش کیا، مقتول کی اہلیہ نے ساتھی کے ساتھ ملکر جائیداد ورثہ حاصل کرنے کے لیے اپنے شوہر کو قتل کرنے کا اعتراف کیا۔ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 49

حصہ لے رہی ہیں، جنکو دو مختلف گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔سی ڈی اے نے رواں برس کرکٹ کلبز کو مواقع فراہم کرتے ہوئے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے تمام زونز کے ٹاپ آٹھ کلبوں کو مدعو کیا ہے۔اور اسکے ساتھ ساتھ پورے پاکستان سے اوپن ٹرائلز کے ذریعے دوٹیموں کو بھی منتخب کرنے کے بعد ٹورنامنٹ میں شامل کیا گیا ہے۔واضح رہے یہ ٹورنامنٹ لیگ کی بنیاد پر کھیلا جائیگا اور ہر ٹیم چار چار میچز کھیلے گی۔پول اے میں منسٹر الیون، I-8 آصف میموریل، G-10 جنون، G-8 واریئرز اور G-9 الیون سٹار شامل ہیں جبکہ پول بی میں چیئرمین سی ڈی اے الیون، G-7 لکی سٹار، F-11 غوری، G-6 شیر پاؤ اور F-8 جے جے شامل ہیں۔اس ٹورنامنٹ کا انعقاد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے 3 مختلف گراؤنڈز میں کیا جائیگا۔جسمیں مرغزار کرکٹ گراؤنڈ، F-7 نیشنل کرکٹ گراؤنڈ اور G-7 بھٹو کرکٹ گراؤنڈ شامل ہیں۔F-7 کرکٹ گراؤنڈ میں ہونے والے تمام میچز براہ راست یوٹیوب اور سی ڈی اے کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر ٹیلی کاسٹ ہونگے۔روزانہ کی بنیاد پر دو میچز کھیلے جائینگے۔ٹورنامنٹ کا فائنل 15 مارچ کو F-7 کرکٹ گراؤنڈ میں مصنوعی روشنیوں میں کھیلا جائیگا۔اس موقع پر چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے تمام گراؤنڈز کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے اور اس سلسلے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی جائے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو صحتمندانہ سرگرمیاں فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو جہاں بہتر سے بہترین سہولیات فراہم کرنے کیلئے سی ڈی اے دن رات مصروف عمل ہے وہیں شہریوں کو کھیل و صحتمندانہ سرگرمیاں کے مواقع فراہم کرنا بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 50

گئی و مسروقہ رقم 24 ہزار روپے برآمد ہوئے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثہ سے محروم کرنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 51

والی رقم 1 لاکھ 15 سو روپے برآمد ہوئی، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 52

ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔خلاف ورزیوں پر 120,000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا، ایک شخص کو گرفتار کیا گیا، ایک ایف آئی آر درج کی گئی جبکہ ایک دکان سیل کر دی گئی۔ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ پرائس کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی اور اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 53

ہے۔جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت علی ولد اختر عمر 18 سال، کاظم ولد نامعلوم عمر 23 سال، عدیل ولد حنیف عمر 25 سال، مبارک ولد نامعلوم عمر 26 سال، ساجد ولد علی محمد عمر 28 سال، خاور عباس ولد نامعلوم عمر 20 سال، عباس ولد نامعلوم عمر 25 سال، محمد علی ولد نامعلوم عمر 19 سال جبکہ دو جاں بحق کی شناخت تاحال نہیں ہوسکی ہے۔

شہری تعاون کے بغیر صفائی مہم مکمل نہیں ہو سکتی، رانا ساجد صفدر

راولپنڈی ڈویژن کے 6 اضلاع کی تمام 22 تحصیلوں میں انسداد کوڑا کرکٹ اور صفائی کے لیے بھرپور انداز میں سرگرم عمل ہے

ضلعی اور تحصیل انتظامیہ کے ساتھ آگاہی واک، سکولوں میں طلباء کے ساتھ لیکچرز، ویسٹ پکنگ ایکٹیوٹی اور واک کی جا رہی ہے

راولپنڈی، گوجر خان (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی راولپنڈی ڈویژن کے 6 اضلاع کی تمام 22 تحصیلوں میں انسداد کوڑا کرکٹ اور صفائی کے لیے بھرپور انداز میں سرگرم عمل ہے، زیرو ویسٹ صفائی آپریشن کے ساتھ ساتھ ایک بھرپور آگاہی مہم کا سلسلہ بھی جاری ہے، جس میں مساجد، بس اڈوں، پبلک ٹرانسپورٹ میں کوڑا کرکٹ پھیلانے والوں کیخلاف جرمانوں سے متعلق آگاہی کے اعلانات کیے جارہے ہیں، ضلعی اور تحصیل انتظامیہ کے ساتھ (بقیہ نمبر 29)

وفاقی سیکرٹری داخلہ کیپٹن (ر) خرم آغا کی زیر صدارت اجلاس

غیرقانونی طور پر مقیم غیرملکی افراد کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی کو مؤثر بناتے ہوئے ملک کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنایا جائے

غیرقانونی طور پر مقیم غیرملکی افراد کیخلاف کومبنگ آپریشن کو مزید تیز اور اسکا دائرہ کار بڑھایا جائیگا، وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ

اسلام آباد (این ای این) وفاقی سیکرٹری برائے داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا کی زیر صدارت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد امن وامان اور سیکورٹی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنانے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جسمیں چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا، انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد سید علی ناصر رضوی، ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اسلام آباد عرفان نواز میمن سمیت پولیس و ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں راولپنڈی، ہری پور، مری، اٹک کے ڈپٹی کمشنرز و ضلعی پولیس (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی: وارث خان پولیس کی کارروائی، زیرحراست گینگ سے مسروقہ موٹرسائیکل، چھینی گئی و مسروقہ رقم 24 ہزار روپے برآمد

راولپنڈی: تھانہ کینٹ پولیس کی کارروائی، زیرحراست گینگ سے مسروقہ موٹرسائیکل اور موٹرسائیکلوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم برآمد

قومی امن کمیٹی کی پاک فوج کے حق میں اظہارِ یکجہتی ریلی

پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شرکاء

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں قومی امن کمیٹی کی جانب سے پاک فوج کے حق میں اظہارِ یکجہتی ریلی، کندھ کوٹ: قومی امن کمیٹی تعلقہ کندھ کوٹ کے زیرِ اہتمام پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک منظم اور پُرامن ریلی نکالی گئی، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی کا آغاز لائبریری چوک سے ہوا اور شہر کے مختلف راستوں (بقیہ نمبر 40)

بلال اظہر کیانی کا آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر دلی رنج کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہنا تھا کہ آج کا دن ایران کے لئے، پاکستان کے لئے اور امت مسلمہ کے لئے سوگوار دن ہے۔ آیت اللہ علی خامنائی کی شہادت پر ہر پاکستانی کو دلی رنج ہے۔ پاکستان نے سفارتی اور اخلاقی طریقے سے ایران کی حمایت کی ہے۔ پاکستان (بقیہ نمبر 31)

نمایاں کارکردگی دکھانے والے افسران کی حوصلہ افزائی

ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے افسران واہلکاروں میں تعریفی لیٹرز اور سرٹیفکیٹس کی تقسیم

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان نے ایس پی راول سعد ارشد، اے ایس پی نیوٹاؤن دانیال خان اور ڈی ایس پی سول لائنز سہیل ظفر کو تعریفی لیٹرز (بقیہ نمبر 30)

4 ملزمان گرفتار، چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کرکے چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 01 کلو 680 گرام چرس برآمد کی، تھانہ چونترہ پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، نیوٹاؤن پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل (بقیہ نمبر 46)

سڑک پر موڑ کی عدم موجودگی کیخلاف پیرامیڈیکل عملے کا احتجاج

سول ہسپتال کے مرکزی گیٹ کے سامنے موڑ فراہم کیا جائے، مظاہرین

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ: سول اسپتال کے مرکزی دروازے کے سامنے سڑک پر موڑ کی عدم موجودگی کے خلاف پیرا میڈیکل عملے کا احتجاج، کندھکوٹ میں پاکستان پیرا میڈیکل اسٹاف آر پی 2076 ضلع کشمور کی جانب سے سول اسپتال کندھکوٹ کے مرکزی دروازے کے سامنے یک طرفہ سڑک پر واپسی کے موڑ کی عدم موجودگی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے اسپتال کے مرکزی دروازے کے سامنے جمع ہوکر انتظامیہ کے خلاف نعرے بازی کی اور فوری طور پر سڑک پر موڑ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی: سینیئر افسران تمام سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے ہوئے

ساتھیوں کے ہمراہ تشدد کرکے شہری کو زخمی کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے ساتھیوں کے ہمراہ تشدد کرکے شہری کو زخمی کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 6 روز قبل سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ تشدد کرکے شہری کو زخمی کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، زیرحراست شخص کو پیرودھائی پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا، زیرحراست شخص کے دیگر ساتھیوں کو بھی جلد گرفتار کیا جائے گا۔

چک باقر شاہ اور ڈوہمن میں جانور چوری کی وارداتیں

ایک رات میں پانچ وارداتیں، لاکھوں روپے مالیت کے مویشی چوری

چکوال (این این آئی) قصبہ چک باقر شاہ اور تھانہ ڈوہمن کی حدود میں جانور چوری کی وارداتوں نے سنگین صورت اختیار کرلی ہے، جس پر عوام میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات ندیم فیض کے بھائی علیم کے گھر سے دو بیل اور دو گائیں چوری کرلی گئیں۔ اس سے قبل گاؤں ڈوہمن میں بھی پانچ جانور چوری کیے (بقیہ نمبر 47)

اندھا قتل ٹریس، اپنے شوہر کو قتل کرنیوالی خاتون ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر بیرونی پولیس نے اندھا قتل ٹریس کرلیا، اپنے شوہر کو قتل کرنے والی خاتون ساتھی سمیت گرفتار کرلی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اندھا قتل ٹریس کرلیا، ساتھی کے ساتھ ملکر اپنے شوہر کو قتل کرنے والی خاتون کو ساتھی سمیت گرفتار کرلیا، زیرحراست افراد نے منصوبہ بندی کے تحت مقتول کو فائرنگ کرکے قتل کیا تھا، واقعہ کا مقدمہ رواں ماہ درج کیا گیا تھا، صدر بیرونی پولیس نے (بقیہ نمبر 48)

گنجمنڈی پولیس کی کارروائی، زیرحراست فرد سے ریڑھی بانوں سے وصول کی گئی بھتہ کی رقم 3 ہزار روپے برآمد

ڈھڈیال میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، دو زخمی گرفتار

سنگین وارداتوں میں مطلوب گروہ کے خلاف کارروائی، سرچ آپریشن جاری

چکوال (این این آئی) میاں مائر کے قریب ڈھڈیال پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈھڈیال پولیس ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈ کررہی تھی کہ ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ اطلاع ملنے پر ایس ڈی پی او صدر سرکل چکوال، ایس ایچ او تھانہ ڈھڈیال اور ایلیٹ فورس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔

دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ پاکستان کی اولین ترجیح ہے، سیما جیلانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سنیئر رہنما و رکن قومی اسمبلی سیما جیلانی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ افغانستان کی موجودہ حکومت اسلام اور پاکستان دشمن قوتوں کا آلہ کار بن چکی ہے، یہ جنگ دراصل بھارت اور اسرائیل کی شہ پر خطے کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی سازش ہے، پاک افواج کے بہادر اور نڈر سپوتوں (بقیہ نمبر 34)

گوجر خان، عید خریداری کے پیش نظر بازاروں میں رش بڑھنے کا امکان

شہریوں کا تجاوزات کے خاتمے اور خصوصی سکیورٹی انتظامات کا مطالبہ

گوجر خان (این این آئی) رمضان المبارک کا پہلا عشرہ مکمل ہونے کے بعد کل سے دوسرے عشرے کا آغاز ہو جائے گا، جس کے ساتھ ہی عیدالفطر کی تیاریوں کا سلسلہ بھی تیز ہونے کی توقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق دوسرے عشرے کے آغاز پر عوام کی بڑی تعداد عید خریداری کے لیے بازاروں کا رخ کرتی ہے جس کے باعث شہر بھر کے مرکزی بازاروں (بقیہ نمبر 32)

غیرقانونی مقیم افراد کیخلاف گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز

1,096 افراد، 585 گھرانوں، 116 دکانوں، 41 گیسٹ ہاؤسز کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر اور غیرقانونی مقیم افراد کے خلاف بڑے پیمانے پر گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز جاری۔ سرچ آپریشن کے دوران 1,096 افراد، 585 گھرانوں، 116 دکانوں، 41 گیسٹ ہاؤسز، 585 موٹر سائیکلوں اور 77 گاڑیوں (بقیہ نمبر 33)

سی ڈی اے ٹیلنٹ ہنٹ رمضان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ

انٹر کلب ٹورنامنٹ کا باقاعدگی آغاز تین مارچ سے ہوگا، مجموعی طور پر دس ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں

ٹورنامنٹ کا فائنل 15 مارچ کو F-7 کرکٹ گراؤنڈ میں مصنوعی روشنیوں میں کھیلا جائیگا



راولپنڈی: کمرشل مارکیٹ روڈ کنارے حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کیے گئے سستے آٹے سے سٹال سے شہری آٹا خرید رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے متعلقہ شعبہ جات کی جانب سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کھیل و صحتمندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں سی ڈی اے ٹیلنٹ ہنٹ رمضان ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹورنامنٹ انٹر کلب ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز تین مارچ سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 10 ٹیمیں (بقیہ نمبر 49)

اسرائیل کا ایران پر 1200 سے زائد بم برسانے کا دعویٰ

صوبہ ہرمزگان کے شہر میناب میں واقع پرائمری گرلز اسکول بھی حملے کی زد میں آیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے ایک روز کے دوران ایران پر 1200 سے زائد بم برسائے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فضائیہ کا کہنا تھا کہ امریکا کے ساتھ مشترکہ کارروائی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ایران میں مختلف مقامات کو نشانہ بنایا گیا اور 1200 سے زائد گولہ بارود (امیونیشنز) استعمال کیے گئے۔ رپورٹس کے مطابق جنوبی ایران کے صوبہ ہرمزگان کے شہر میناب میں واقع پرائمری گرلز اسکول بھی حملے کی زد میں آیا، جہاں بچوں سمیت کم از کم 148 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اسکول پر حملے میں درجنوں معصوم بچے مارے گئے اور یہ کارروائی بغیر جواب کے نہیں رہے گی۔ ایرانی حکام کے مطابق متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

راولپنڈی: بنی چوک میں کاریگر رمضان المبارک میں گاہکوں کے لئے پھینیاں تیار کر رہے ہیں

دوہرے قتل کے مقدمہ میں چار مجرمان کو سزائے موت اور

ٹھوس شواہد اور مؤثر پیروی پر عدالت کا فیصلہ، سی پی او کی ٹیم کو شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی مؤثر تفتیش کے نتیجے میں دوہرے قتل کے مقدمہ میں چار مجرمان کو سزائیں سنادی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم محسن علی، ندیم، امیر حمزہ اور امجد علی کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور فی کس 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی۔ مجرمان نے سابقہ دشمنی کی بنا پر فائرنگ کر کے دو شہریوں کو قتل کیا تھا۔ واقعہ کا مقدمہ مارچ 2024 میں تھانہ گوجر خان میں درج کیا گیا تھا۔ ٹھوس شواہد اور مقدمہ (بقیہ نمبر 42)

اسسٹنٹ کمشنر کا ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال کا دورہ

ایمرجنسی وارڈ میں ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا، ادویات وافر، انتظامات تسلی بخش قرار

چکوال (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان قیصرانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال کا دورہ کیا اور مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق دورے کے دوران عملے کی حاضری چیک کی گئی جبکہ ایمرجنسی وارڈ میں ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا گیا۔ ایمرجنسی

موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے سٹریٹ کرائم، موٹرسائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی و مسروقہ رقم 24 ہزار روپے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم، موٹرسائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، زیرحراست گینگ سے مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی (بقیہ نمبر 50)

بعض عناصر پاکستان کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں

خارجیوں سے اپنی وطن کو صاف کرے۔ سانپ پالنے سے ہمیشہ دشمن پریشان نہیں ہوتا خود بھی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے

فاؤنڈیشن اسسٹڈ خان پبلک اسکول کے زیرِ اہتمام پاک فوج کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک پروقار ریلی نکالی گئی

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) کے مطابق فاؤنڈیشن اسسٹڈ خان پبلک اسکول کے زیرِ اہتمام پاک فوج کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک پروقار ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں اساتذہ اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور افواج پاکستان سے اپنی والہانہ وابستگی کا اظہار کیا۔ ریلی کا آغاز اسکول کے احاطے سے ہوا، جہاں شرکاء قومی پرچم اٹھائے حب الوطنی کے نعرے لگاتے رہے۔ اساتذہ نے (بقیہ نمبر 35)

پرائس کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے و گرفتاریاں

1,120 انسپکشنز، 51 خلاف ورزیاں، ایک دکان سیل کر دی گئی

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق تمام اسسٹنٹ کمشنرز، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور پیرافورس کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کی نگرانی کی جارہی ہے تاکہ عوام کو سرکاری نرخوں پر ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ مجموعی طور پر 1,120 انسپکشنز کے دوران 51 خلاف (بقیہ نمبر 52)

جہلم روڈ انتظامیہ کی جانب سے پیدل کراسنگ کیلئے پل پر بنائے جانے والی خوبصورت گھڑی کا منظر

موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کینٹ پولیس نے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار کرکے 9 مسروقہ موٹرسائیکل اور موٹر سائیکلوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 1 لاکھ 15 سو روپے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، زیرحراست گینگ سے 9 مسروقہ موٹر سائیکل اور موٹر سائیکلوں کی فروخت سے حاصل ہونے (بقیہ نمبر 51)

ایس ایس پی آپریشنز کا پولیس لائنز کی سکیورٹی کا جائزہ

فول پروف سکیورٹی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز کی سکیورٹی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز نے پوائنٹ وائز ڈیوٹی چیک کی اور موجودہ حالات کے پیش نظر الرٹ ہو کر سکیورٹی فرائض سرانجام دینے کی ہدایات جاری کیں۔ سی سی ٹی (بقیہ نمبر 43)

یو اے ای سے فلائٹ آپریشن تاحال بحال نہیں ہوا، پاکستانی سفارتخانہ

دبئی (این این آئی) پاکستانی سفارتخانے کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ یو اے ای سے فلائٹ آپریشن تاحال بحال نہیں ہوا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مسافر معلومات کے لیے سرکاری ذرائع پر انحصار کریں، سفر سے قبل متعلقہ ایئر لائن سے اپنی فلائٹ کی تصدیق ضرور کریں۔ پاکستانی سفارتخانہ ابوظبی اور قونصل جنرل دبئی نے معلومات پر ہی اعتماد کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔

موٹرسائیکل چوری میں ملوث گروہ کے خلاف بڑی کارروائی

دو ملزمان گرفتار، 10 مسروقہ موٹر سائیکلیں، نقدی اور اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں تھانہ کورال پولیس ٹیم نے موٹرسائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی: صدر ریلوے اسٹیشن پر عملے کے اہلکار ٹریک کے مرمتی کام میں مصروف ہیں

مظاہرین کی امریکی قونصلیٹ میں داخلے کی کوشش، جھڑپوں میں 10 افراد جاں بحق

امریکی قونصلیٹ کے قریب فائرنگ اور جھڑپوں کے دوران جاں بحق افراد کی تعداد 10 ہوگئی، 34 زخمی

سول اسپتال میں 9 جاں بحق افراد لائے گئے جبکہ دوران علاج ایک اور زخمی جان بحق ہوگیا، ڈاکٹر صابر میمن

کراچی (این این آئی) کراچی میں مائی کلاچی روڈ پر واقع امریکی قونصلیٹ کے قریب فائرنگ اور جھڑپوں کے دوران جاں بحق افراد کی تعداد 10 ہوگئی ہے۔ ڈائریکٹر ٹراما سینٹر ڈاکٹر صابر میمن کے مطابق سول ہسپتال میں 9 جاں بحق افراد لائے گئے جبکہ دوران علاج ایک اور زخمی جان بحق ہوگیا۔ انہوں نے بتایا کہ مجموعی طور پر 34 زخمی افراد اسپتال منتقل کیے گئے تھے۔ ان میں سے 4 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے، ان کا آپریشن جاری (بقیہ نمبر 53)

نجی شعبے میں معیاری سکیورٹی سروسز کو یقینی بنانے کی ہدایت

ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) مینیجنگ ڈائریکٹر نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں اور مستقبل کی حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ افسران نے ایم ڈی کو شہری سہولیات، ہاؤسنگ منصوبوں، صحت، تعلیم اور سکیورٹی کے شعبوں میں (بقیہ نمبر 37)



لاہور شہری انارکلی چوک میں ٹائر پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے ایک شخص جاں بحق، دو زخمی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے شادباغ میں ربڑ کی فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے حادثے میں ایک شخص جاں بحق اور دو زخمی ہوگئے۔ آتشزدگی کے باعث جھلسنے والے دونوں زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ بوائلر پھٹنے سے آگ لگ گئی تاہم ریسکیو ٹیموں نے بروقت جائے وقوعہ پر پہنچ کر آگ پر قابو پا لیا۔ جاں بحق مزدور کی لاش قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کردی گئی۔

راولپنڈی، منشیات سپلائر کو 9 سال قید اور جرمانے کی سزا

ٹیکسلا پولیس کی مؤثر تفتیش، 1 کلو 460 گرام چرس برآمدگی پر عدالت کا فیصلہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی مؤثر پولیسنگ کے نتیجے میں معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو قرار واقعی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم بلال حیدر کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ مجرم کو تھانہ ٹیکسلا پولیس نے اپریل 2025 میں 1 کلو 460 گرام چرس برآمد ہونے پر گرفتار کیا تھا۔ ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی مؤثر پیروی کے پیش نظر عدالت نے فیصلہ سنایا۔ مجرم کو سزا ملنے پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹیگیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام تر اقدامات جاری رہیں گے۔

چکوال، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کیلئے انتظامیہ متحرک

اسسٹنٹ کمشنر ذیشان قیصرانی کی سبزی و فروٹ منڈی میں نیلامی کی نگرانی

چکوال (این این آئی) ضلعی انتظامیہ چکوال اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے مکمل طور پر متحرک ہے۔ تفصیلات کے مطابق سبزی و فروٹ منڈی چکوال میں ہونے والی آکشن کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان قیصرانی نے خود کی تاکہ نیلامی کا عمل شفاف انداز میں مکمل ہو اور اس کا براہ راست فائدہ صارفین تک پہنچے۔ نرخوں کی باریک بینی سے مانیٹرنگ کی گئی اور ہدایت کی گئی کہ منڈی سے ریٹیل سطح تک مقررہ نرخوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

پولیس لائنز میں جوانوں کیلئے خصوصی افطار کا اہتمام

رمضان میں بھی فرائض کی ادائیگی میں کوئی کوتاہی نہیں ہوگی، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ماہِ رمضان کے دوران پولیس افسران و جوانوں کے لیے افطار کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے دیگر سینئر پولیس افسران کے ہمراہ افسران و جوانوں کے ساتھ (بقیہ نمبر 38)

7 مجرمان اشتہاریوں سمیت 31 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے منشیات، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے بڑے پیمانے پر موثر کریک ڈاؤن کیا جس کے دوران سنگین جرائم میں ملوث سات مجرمان اشتہاریوں سمیت 31 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے منشیات، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کو وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال (بقیہ نمبر 44)

مدنی محلہ میں آئس اور چرس کی کھلے عام فروخت کا انکشاف

نوجوان نسل تباہ، حکام فوری نوٹس لیں، شہریوں کی دہائی، تھانہ دھمیال چوکی گرجا کی کارکردگی پر سوالات، غیر جانبدارانہ انکوائری کا مطالبہ

اہل علاقہ نے سی پی او راولپنڈی اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے مدنی محلہ میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ/عبدالرحمان) شہر راولپنڈی کے تھانہ دھمیال کی حدود، چوکی گرجا کے علاقے مدنی محلہ میں مبینہ طور پر آئس، پاؤڈر اور چرس کی کھلے عام فروخت کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق منشیات فروش عرصہ دراز سے دن رات سرگرم ہیں اور گلی محلوں میں سرعام یہ مکروہ دھندا جاری ہے، جس کے باعث نوجوان نسل تیزی سے تباہی کی طرف دھکیلی جارہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سکول و کالج جانے والے طلبہ بھی اس لعنت کی لپیٹ میں آ رہے ہیں۔ متعدد بار متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود (بقیہ نمبر 39)

آلودہ شہروں میں لاہور کا پہلے نمبر برقرار

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی کی صورتحال تشویشناک ہے، ایئر کوالٹی انڈیکس کی مجموعی شرح 247 ریکارڈ کی گئی جس کے بعد لاہور آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور کا درجہ حرارت 18 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 41 فیصد رہا۔ پاکستان محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ ہفتے کے دوران سورج اور بادلوں میں آنکھ مچولی جاری رہنے کا امکان ہے۔

مدنی محلہ میں مبینہ طور پر آئس، پاؤڈر اور چرس کی کھلے عام فروخت کا انکشاف

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035